https://dailybalochistanobserverquetta.com.pk/

dailybalochistanobserver@gmail.com

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
ABC Certified
کوئٹہ سے شائع ہونیوالا بلوچستان کا کثیرالاشاعت روزنامہ

روزنامہ
Daily BALOCHISTAN OBSERVER Quetta
بلوچستان آبزرور کوئٹہ
چیف ایڈیٹر نثار احمد

جلد 19 | اتوار 20 ستمبر 2026ء | 6 ربیع الثانی 1448ھ | قیمت 5 روپے | شمارہ 158

سعودی عرب کی سلامتی کیلئے ہمارا عزم غیر مشروط ہے، آئی ایس پی آر

بلوچستان میں دہشتگردوں کو عوامی حمایت حاصل نہیں، دہشت گرد اپنے نظریے کو بندوق کی نوک کے ذریعے مسلط کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ دہشتگردی کی سرپرستی بھارت کر رہا ہے اور سوشل میڈیا باہر سے چلایا جا رہا ہے

پاکستان حرمین شریفین اور سعودی عرب کی حفاظت کیلئے کسی بھی حد تک جانے کیلئے تیار ہے، پاکستان میں ہونے والے حملوں میں 80 فیصد خودکش بمبار افغان ہیں، ڈی جی آئی ایس پی آر

راولپنڈی (این این آئی) ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چودھری نے کہا ہے کہ افغان طالبان رجیم سے ایک ہی ٹھوس مطالبہ ہے کہ وہ افغان سرزمین سے پاکستان میں دہشت گردی روکے، افغانستان سے پاکستان آنے والی ہر تشکیل میں افغان شہری ہوتے ہیں، 80 فیصد خودکش بمبار افغان ہیں، پاکستان حرمین شریفین اور سعودی عرب کی حفاظت کیلئے کسی بھی حد تک جانے کیلئے تیار ہے، سعودی عرب کی سلامتی کیلئے ہمارا عزم غیر مشروط ہے۔ ڈی جی آئی ایس پی آر لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چودھری نے عرب میڈیا کو انٹرویو دیتے ہوئے کہا کہ پاکستان عملی طور پر سعودی عرب کی مدد کیلئے وہاں موجود ہے، ہم سفارتی لحاظ سے بھی ساتھ کھڑے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان حرمین شریفین اور (بقیہ 7صفحہ 3پر)

وزیراعظم خصوصی ریلیف سکیم کا نیا اجراء، 5 لیٹر سے کم پیٹرول والوں کو بھی رعایت ملے گی

وزیراعظم کی ہدایت پر پانچ لیٹر سے کم پٹرول ڈلوانے والے موٹرسائیکل، چنگ چی اور رکشوں کو بھی ایک ٹوکن پر ایک ہفتے میں پانچ سو روپے کی رعایت ملے گی

ہفتہ وار ایک ٹوکن جاری کیا جائیگا اور ایک مہینے میں مجموعی طور پر 4 ٹوکن جاری کیے جائیں گے، گاڑی والے کو ایک مہینہ میں 10 لیٹر کے 3 ٹوکن جاری کرنے کا سلسلہ بھی چلتا رہے گا

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم خصوصی ریلیف سکیم کے تحت پاکستان بھر میں 100 روپے فی لیٹر رعایتی نرخوں پر پٹرول کی فراہمی کامیابی سے جاری ہے، وزیراعظم کی ہدایت پر پانچ لیٹر سے کم پٹرول ڈلوانے والے موٹرسائیکل، چنگ چی اور رکشوں کو بھی ایک ٹوکن پر ایک ہفتے میں پانچ سو روپے کی رعایت ملے گی، ہفتہ وار ایک ٹوکن جاری کیا جائیگا اور ایک مہینے میں مجموعی طور پر 4 ٹوکن جاری کیے جائیں گے، سکیم میں (بقیہ 1صفحہ 3پر)

پاکستان کو فساد اور لانگ مارچ نہیں، امن و استحکام کی ضرورت ہے، احسن اقبال

نوجوان بہترین معمار بن کر اپنے لیے بھی سرمایہ افتخار اکٹھا کریں، وفاقی وزیر

نارووال (این این آئی) وفاقی وزیر پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ احسن اقبال نے کہا ہے کہ پاکستان کو فساد اور لانگ مارچ نہیں، امن و استحکام کی ضرورت ہے۔ اپنے آبائی (بقیہ 2صفحہ 3پر)

شزہ فاطمہ خواجہ کا وزیراعظم فیول ریلیف سکیم میں تین تبدیلیوں کا اعلان

تبدیلیوں کا مقصد مستحقین، موٹر سائیکل، رکشہ اور چنگ چی استعمال کرنے والوں کو سہولت کی فراہمی ہے، وفاقی وزیر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے انفارمیشن ٹیکنالوجی و ٹیلی کمیونیکیشن شزہ فاطمہ خواجہ نے وزیراعظم کی فیول ریلیف سکیم میں تین بڑی تبدیلیوں کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ ان تبدیلیوں کا مقصد مستحقین، بالخصوص موٹر سائیکل، رکشہ اور چنگ چی (بقیہ 3صفحہ 3پر)

وزیر خارجہ اسحاق ڈار اور ایرانی ہم منصب کے درمیان ٹیلیفونک رابطہ، تازہ ترین علاقائی صورتحال پر گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ سینیٹر محمد اسحاق ڈار اور ایرانی وزیر خارجہ عباس عراقچی کے درمیان (بقیہ 8صفحہ 3پر)

حکومت اور اپوزیشن کے درمیان اہم ترین رابطہ اس رابطے کا انکشاف

اسلام آباد (این این آئی) حکومت اور اپوزیشن کے درمیان اہم ترین رابطہ ہوا ہے۔ ہفتہ کو اس رابطے کا انکشاف سینیٹ میں (بقیہ 9صفحہ 3پر)

اسلام آباد: وفاقی وزیر اقتصادی امور احد چیمہ آئی ٹی سکلز کے حوالے سے منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

کوہاٹ پولیس لائن حملہ 18 گھنٹے بعد آپریشن مکمل، تمام 8 دہشتگرد ہلاک

شہداء کی تعداد 24 ہوگئی

دھماکے کے فوراً بعد مسلح حملہ آوروں نے موقع کا فائدہ اٹھاتے ہوئے پرانی پولیس لائن کے احاطے میں قائم سی ٹی ڈی اور اسپیشل برانچ کی عمارتوں میں داخل ہونے کی کوشش کی اور وہاں موجود پولیس اہلکاروں پر فائرنگ کردی

ایس پی اور ڈی ایس پی رینک کے دو افسران سمیت 17 پولیس اہلکار اور 7 شہری شہید، 129 زخمی، ایس ایس جی کمانڈوز سمیت سی ٹی ڈی اور ایلیٹ فورس نے پرانی پولیس لائن کی بالائی منزل، تہہ خانے سمیت تمام حصے کلیئر کردیئے

کوہاٹ (این این آئی) کوہاٹ شہر میں پرانی پولیس لائن سے ملحقہ جامع مسجد میں نمازِ جمعہ کے دوران ہونے والے زوردار دھماکے، اس کے بعد متعدد دھماکوں اور مسلح حملہ آوروں کی جانب سے محکمہ انسداد دہشت گردی (سی ٹی ڈی) اور سپیشل برانچ کی عمارتوں میں داخل ہوکر پولیس اہلکاروں کو نشانہ بنانے کے واقعے کے بعد تقریباً 18 گھنٹے تک جاری رہنے والا کلیئرنس آپریشن مکمل کر لیا گیا۔ پولیس اور سیکورٹی ذرائع کے مطابق کارروائی کے دوران تمام 8 دہشت گردوں کو ہلاک کر دیا گیا جبکہ مزید دو پولیس اہلکاروں کی شہادت کے بعد واقعے میں شہید ہونے والوں کی تعداد 24 ہوگئی ہے جن میں 17 پولیس افسران و اہلکار اور 7 عام شہری شامل ہیں۔ واقعے میں زخمی ہونے والوں کی مجموعی تعداد 129 بتائی جاتی ہے۔ شہداء میں ایس پی ٹریفک اکبر شنواری ساکن تخت بھائی، مردان، ڈی ایس پی سی ٹی ڈی عصمت اللہ اور ان کے بھائی انسپکٹر نعمت اللہ ساکنان لکی مروت (بقیہ 4صفحہ 3پر)

قوم سیکورٹی فورسز کی قربانیوں اور خدمات کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے' سرفراز بگٹی

دہشت گردی کے مکمل خاتمے کیلئے ریاستی ادارے اور قوم متحد ہیں' وزیراعلیٰ بلوچستان

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت بلوچستان کے اضلاع پنجگور اور چاغی میں فتنہ الہندوستان کے دہشت گردوں کے خلاف کامیاب کارروائیوں پر سیکورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں سیکورٹی فورسز کی پیشہ ورانہ صلاحیتیں اور قربانیاں قابل قدر ہیں۔ پنجگور اور چاغی (بقیہ 10صفحہ 3پر)

اسحاق ڈار کا فیول سکیم کا جائزہ، ایس ایم ایس کے ذریعے فیول ٹوکنز کے استعمال کی منظوری دیدی

ہر فعال ایندھن سٹیشن کو نظام میں شامل کیا جائے، مستقل طور پر بند سٹیشنز کی نشاندہی کرکے فہرست سے خارج کیا جائے، ہدایت

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیراعظم سینیٹر اسحاق ڈار نے فیول سکیم کا جائزہ لیتے ہوئے ایم ایس کے ذریعے فیول ٹوکنز کے استعمال کی منظوری دیدی۔ ہفتے کو اسحاق ڈار کی زیرصدارت فیول سبسڈی سے متعلق قومی اسٹیئرنگ کمیٹی کا اجلاس ہوا، جس میں اسکیم پر عمل درآمد کا جائزہ لیا گیا۔ اعلامیے کے مطابق اجلاس کے شرکا کو دی گئی بریفنگ میں بتایا گیا کہ شہری فیول اسٹیشنز پر اپنے ٹوکنز استعمال کر رہے ہیں، 3 دن میں موصول ادائیگی کے تمام کلیمز (بقیہ 5صفحہ 3پر)

احتجاج کے حوالے سے ہماری پالیسی کلیئر، کسی صورت اجازت نہیں دیں گے، عطا تارڑ

پی ٹی آئی، جماعت اسلامی کا ڈی این اے الگ، ایک جماعت توڑ پھوڑ کرتی ہے، دوسری کے کارکن پرامن لوگ ہیں

کوہاٹ میں لاشیں پڑی ہیں، وزیراعلیٰ موجیں کر رہے ہیں، امن و امان کو بہتر بنانا صوبائی حکومت کی ذمہ داری ہے، وزیراطلاعات

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیراطلاعات عطا تارڑ نے کہا ہے کہ احتجاج کے حوالے سے حکومت کی پالیسی بالکل واضح ہے اور کسی صورت احتجاج کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ نجی ٹی وی پروگرام میں گفتگو کرتے ہوئے عطا تارڑ کا کہنا تھا کہ تحریک انصاف نے ہمیشہ پرتشدد مظاہرے کیے، احتجاج کے حوالے سے عدالت کا فیصلہ بھی آچکا ہے، عدالتی آرڈر واضح ہے، اس لیے اسلام آباد میں کسی بھی جگہ احتجاج کی (بقیہ 6صفحہ 3پر)

امریکا کا یورپ سے ایک تہائی فوج واپس بلانے پر غور

واشنگٹن (این این آئی) امریکا یورپ میں تعینات اپنی فوج میں بڑی کمی کرنے پر غور کر رہا ہے۔ عرب میڈیا نے امریکی ذرائع کے حوالے سے شائع کی گئی رپورٹ میں بتایا کہ ایک تجویز میں یورپ سے تقریباً ایک تہائی یعنی 25,000 سے زائد فوجیوں کی واپسی شامل ہے جبکہ (بقیہ 11صفحہ 3پر)

اسلام آباد: وفاقی وزیر پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ احسن اقبال منعقدہ اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

پاکستان سے بات چیت چاہتے ہیں، سعودیہ ثالث بنے، افغان طالبان

سعودی عرب کے فیصلوں اور اس کی ثالثی کی کوششوں کا احترام کرتے ہیں، ترجمان ذبیح اللہ مجاہد

کابل (این این آئی) افغان طالبان کے ترجمان ذبیح اللہ مجاہد نے کہا ہے کہ افغانستان پاکستان سے بات چیت اور تعاون جاری رکھنا چاہتا ہے، سعودی عرب کے فیصلوں (بقیہ 12صفحہ 3پر)

ترک و قطری وفود کا دورہ قندھار، پاک افغان مذاکرات پر بھی بات چیت

ترکیہ اور قطر ایک بار پھر پاک افغان کشیدگی ختم کرنے کی کوشش کر رہے ہیں، عالمی میڈیا

قندھار (این این آئی) ترکیہ اور قطر کے اعلیٰ حکام نے افغانستان میں طالبان قیادت سے ملاقاتیں کی ہیں جن میں پاکستان اور طالبان کے درمیان کشیدگی اور سیکورٹی صورتحال پر بات چیت ہوئی۔ ترکیہ کے انٹیلیجنس سربراہ ابراہیم قالن اور قطری عہدیدار حمد بن خمیس الکبیسی نے طالبان کی اعلیٰ قیادت سے ملاقاتیں کیں جبکہ انہوں نے قندھار کا بھی دورہ کیا۔ واضح رہے کہ (بقیہ 19صفحہ 3پر)

ایرانی تیل کی برآمدات بند ہوئیں تو سب کی بند ہوں گی، پاسداران انقلاب

تہران (این این آئی) ایرانی پاسداران انقلاب کے اعلیٰ عہدیدار عزیز غضنفری نے کہا ہے کہ اگر ایران کی تیل کی برآمدات روکی گئیں تو خطے کے کسی دوسرے ملک کو بھی (بقیہ 20صفحہ 3پر)

چاغی بازار سے قائم مقام ایس ایچ او گل شاہ کو مسلح افراد نے مبینہ طور پر اغوا کرلیا گیا

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کے ضلع چاغی کے علاقے چاغی بازار سے قائم مقام ایس ایچ او گل شاہ کو مسلح افراد نے مبینہ طور پر اغوا کرلیا۔ پولیس حکام کے مطابق قائم مقام (بقیہ 21صفحہ 3پر)

بلوچستان، آپریشن ردالفتنہ 3، فتنہ الہندوستان کے 11 دہشتگرد ہلاک

سیکورٹی فورسز نے چاغی کے علاقے امین آباد اور سیاہ چنگ میں بھی دہشت گردوں کے خلاف مؤثر کارروائیاں کیں جہاں 6 دہشت گرد ہلاک ہوئے

پنجگور گوارگو میں 5، چاغی کے امین آباد اور سیاہ چنگ میں 6 دہشتگرد ہلاک ہوئے، بڑی تعداد میں اسلحہ اور گولہ بارود برآمد

پنجگور/چاغی (این این آئی) سیکورٹی فورسز کی آپریشن ردالفتنہ 3 کے تحت بلوچستان میں دہشت گردوں کے خلاف کارروائیوں کے نتیجے 11 دہشتگرد مارے گئے۔ سیکورٹی ذرائع کے مطابق بلوچستان کے ضلع پنجگور اور چاغی میں فتنہ الہندوستان کے (بقیہ 15صفحہ 3پر)

پاک چین سفارتی تعلقات اعتماد، احترام اور باہمی تعاون کی شاندار داستان ہیں' سیدال ناصر

روابط ایک دوسرے کو سمجھنے اور دوطرفہ تعاون کو مزید فروغ دینے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں' ڈپٹی چیئرمین سینیٹ

کوئٹہ/اسلام آباد (این این آئی) ڈپٹی چیئرمین سینیٹ سیدال خان ناصر نے کہا ہے کہ پاکستان اور چین کے سفارتی تعلقات محض 75 سالہ سفارتی سفر نہیں بلکہ باہمی اعتماد، احترام، تعاون اور آزمائش کی ہر گھڑی میں ایک دوسرے کا ساتھ دینے کی شاندار داستان ہیں۔ 21 مئی 1951ء کو قائم ہونے والے پاک چین سفارتی تعلقات وقت کے ساتھ ایک مضبوط، مستحکم (بقیہ 13صفحہ 3پر)

زیارت، مانگی ڈیم دہشت گرد حملہ، تحقیقاتی کمیشن کی کھلی عدالت میں سماعت

تمام شہداء کے خاندانوں کے معاوضے کی ادائیگی کے احکامات پہلے ہی جاری کیے جا چکے ہیں

سماعت کے دوران علاقے کے لوگوں کی بڑی تعداد پیش ہوئی، جن میں عبدالباقی، جو شہیدائے ٹی ایف سپاہی جان دادخان کے بھائی ہیں، اور دیگر گواہان شامل تھے

کوئٹہ (خ ن) مانگی ڈیم پمپنگ اسٹیشن، ضلع زیارت میں پیش آنے والے دہشت گردی کے حملے کی تحقیقات کیلئے قائم کردہ تحقیقاتی کمیشن جسٹس محمد عامر نواز رانا نے آج مورخہ 19 ستمبر 2026 کو کھلی عدالت میں کمیشن کی کارروائی کو آگے بڑھاتے ہوئے سماعت کی۔ سماعت کے دوران علاقے کے لوگوں کی بڑی تعداد پیش ہوئی، جن میں عبدالباقی، جو شہیدائے ٹی ایف سپاہی جان دادخان کے بھائی ہیں، اور دیگر گواہان شامل تھے۔ عبدالباقی نے اپنا بیان ریکارڈ کرواتے ہوئے تحقیقاتی کمیشن کو ایک ایف آئی آر کی نقل پیش کی، جو سول ہسپتال کوئٹہ میں ان کے شہید بھائی (بقیہ 14صفحہ 3پر)

اسلام عبادت گاہوں، انسانی جان اور بے گناہ شہریوں کے تحفظ کا درس دیتا ہے' عبدالقادر

کوہاٹ مسجد میں نماز جمعہ کے دوران خوفناک خودکش حملہ انتہائی افسوسناک، قابل مذمت اور ناقابل معافی ہے

کوئٹہ (این این آئی) چیئرمین قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار سینیٹر محمد عبدالقادر نے اپنے بیان میں کہا ہے کہ خیبر پختونخوا ایک مرتبہ پھر دہشت گردی کے سنگین وار کی زد میں آگیا ہے۔ کوہاٹ اولڈ پولیس لائنز کی مسجد میں نمازِ جمعہ کے دوران ہونے والا خوفناک خودکش حملہ انتہائی افسوسناک، قابل مذمت اور ناقابلِ معافی جرم ہے۔ انہوں نے کہا کہ مسلمانوں اور ان کی مساجد کو نشانہ بنانا اسلام کے بنیادی احکامات اور تعلیمات کی کھلی خلاف ورزی ہے۔ کوئی سچا مسلمان (بقیہ 16صفحہ 3پر)

20 ستمبر کی کیچ احتجاجی ریلی روٹی روزگار اور امن کی بحالی کی تحریک ہے' رحمت بلوچ

یہ کسی ایک جماعت یا شخصیت کی ریلی نہیں بلکہ کیچ کے ہر غریب مزدور کسان طالب علم اور تاجر کی آواز ہے

کوئٹہ (این این آئی) نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما اور بلوچستان اسمبلی میں ڈپٹی پارلیمانی لیڈر میر رحمت صالح بلوچ نے کہا ہے کہ 20 ستمبر کی کیچ احتجاجی ریلی روٹی روزگار اور امن کی بحالی کی تحریک ہے۔ یہ کسی ایک جماعت یا شخصیت کی ریلی نہیں بلکہ کیچ کے ہر غریب (بقیہ 18صفحہ 3پر)

صحت، تعلیم اور باعزت روزگار تک رسائی پائیدار ترقی کی بنیاد ہے، ظہور بلیدی

دور دراز علاقوں میں صحت کی معیاری سہولیات کی فراہمی سے عوام کو علاج کیلئے طویل سفر کی مشکلات سے نجات ملنے میں مدد مل سکتی ہے

صحت، تعلیم اور باعزت روزگار تک رسائی پائیدار ترقی کی بنیاد ہے' وزیر منصوبہ بندی و ترقیات

کوئٹہ (خ ن) وزیر منصوبہ بندی و ترقیات بلوچستان میر ظہور احمد بلیدی نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ''ایکس'' پر اپنے بیان میں کہا ہے کہ بلوچستان حقیقی تبدیلی کی جانب پیش رفت کر رہا ہے، جہاں عوام کو معیاری صحت و تعلیم کی سہولیات کے ساتھ باعزت روزگار (بقیہ 17صفحہ 3پر)

طالبات تعلیم، محنت اور نظم و ضبط کو اپنی زندگی کا مقصد بنائیں' مولانا ہدایت الرحمٰن

دور افتادہ علاقوں کی طالبات کو معیاری تعلیم کے مواقع فراہم کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے' رکن صوبائی اسمبلی

سربندن (خ ن) رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ نے کہا ہے کہ طالبات تعلیم، محنت اور نظم و ضبط کو اپنی زندگی کا مقصد بنائیں اور اساتذہ کی رہنمائی سے بھرپور استفادہ کرتے ہوئے مستقبل میں اپنے علاقے، صوبے اور ملک کی ترقی میں مؤثر کردار ادا کریں۔ (بقیہ 22صفحہ 3پر)

سعودی ایئربیس پر حوثی ڈرون حملہ، اطالوی لڑاکا طیارے کو شدید نقصان

حملے کے وقت طیارہ ایئربیس کے ایک دور دراز اور مرکزی تنصیب سے الگ حصے میں موجود تھا، وزارت دفاع

ریاض (این این آئی) سعودی عرب کے طائف ایئربیس پر ہونے والے حوثی حملوں کے دوران ایک اطالوی لڑاکا طیارے کو شدید نقصان پہنچا ہے۔ اطالوی دفاعی (بقیہ 23صفحہ 3پر)

سبی، نامعلوم مسلح افراد نے بجلی کے 132 کے وی کے دو ٹاورز کو دھماکہ خیز مواد سے اڑا دیا

ڈھاڈر سمیت بیشتر علاقے مکمل تاریکی میں ڈوب گئے

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ضلع کچھی میں سبی ڈھاڈر کے درمیان نامعلوم مسلح افراد نے دھماکہ خیز مواد سے بجلی کے 132 کے وی کے دو ٹاورز کو اڑا دیا، ڈھاڈر سمیت کئی (بقیہ 24صفحہ 3پر)

اسلام آباد، ریڈ زون میں پی ٹی آئی، جماعت اسلامی کے مارچ سے نمٹنے کی تیاریاں جاری

وفاقی پولیس کو مظاہرین کو کسی صورت ریڈ زون میں داخل نہ ہونے دینے کی ہدایت کردی گئی

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد کے ریڈ زون میں پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) اور جماعت اسلامی کے مارچ کے دوران مظاہرین سے نمٹنے کی تیاریاں (بقیہ 25صفحہ 3پر)

گوادر، رکن صوبائی اسمبلی مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ آؤٹ آف اسکول چلڈرن پروگرام کے سالانہ رزلٹ ڈے کی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں

اب 20 سال پرانے رجسٹرڈ موٹرسائیکل، چنگچی اور رکشہ چلانے والے خصوصی ریلیف اسکیم کے لیے اہل ہیں

وزیراعظم کی خصوصی ریلیف اسکیم
موٹرسائیکل، چنگچی اور رکشہ چلانے والوں کیلئے
ایک ٹوکن پر ایک ہفتے میں 500 روپے کی رعایت

800 سی سی تک چھوٹی گاڑیوں کے مالکان کیلئے
ہر دس روز میں 10 لیٹر پر 100 روپے فی لیٹر بچت

مجموعی طور پر 30 لیٹر پٹرول کی رعایتی قیمت پر فراہمی

ایس ایم ایس کے کوئی چارجز نہیں ہیں

9771
REG 4650191820545
LHR123 P 30082018

REG لکھ کر space دیں
STEP-1 اپنا قومی شناختی کارڈ نمبر
3740515196983 لکھنے کے بعد space دیں
STEP-2 بغیر space کے نمبر پلیٹ
LHR123 ایسے لکھنے کے بعد space دیں
STEP-3 صوبے کے نام کا پہلا حرف جہاں آپ کی گاڑی رجسٹرڈ ہے
صوبہ کا نام پنجاب P کے بعد space دیں
STEP-4 وہیکل رجسٹریشن کی تاریخ بمعہ مہینہ اور سال DD/MM/YYYY
دن مہینہ اور سال ایسے لکھیں 08102010

چاروں تفصیلات اسپیسز کے ساتھ ایک ہی میسج میں لکھ کر 9771 پر مفت ایس ایم ایس کریں

رعایتی پٹرول کے حصول کا طریقہ کار:
STEP-1 رجسٹریشن کے بعد پٹرول ریلیف حاصل کرنے کے لیے پٹرول پمپ جانے سے پہلے TOK لکھ کر 9771 پر بھیج دیں
STEP-2 موصول ہونے والے میسج میں ٹوکن نمبر، گاڑی کا رجسٹریشن نمبر، پٹرول کی مقدار اور ٹوکن استعمال کرنے کی مدت درج ہوگی
STEP-3 ٹوکن پٹرول پمپ پر دکھا کر آپ رعایتی قیمت پر پٹرول حاصل کرسکتے ہیں۔

صوبے کے نام کا پہلا حرف
اسلام آباد I آزاد جموں و کشمیر A گلگت بلتستان G
سندھ S پنجاب P خیبرپختونخوا K بلوچستان B

مزید رہنمائی کیلئے www.pmfuelrelief.pk وزٹ کریں یا QR کوڈ اسکین کریں
URAAN PAKISTAN
وزارت اطلاعات و نشریات
حکومت پاکستان
/Govtof Pakistan

PID (I) 2679-D/26

روزنامہ
Daily
BALOCHISTAN Observer
Quetta
بلوچستان آبزرور
کوئٹہ

پبلشر نثار احمد نے الکریم پرنٹنگ پریس سریاب پھاٹک بلمقابل سیلانی ویلفیئر سریاب روڈ کوئٹہ سے چھپوا کر
دفتر روزنامہ بلوچستان آبزرور فلیٹ #2 یونیورسل کمپلیکس سیکنڈ فلور فیز ii جناح روڈ کوئٹہ سے شائع کیا
کوئٹہ فون نمبر 03312634009۔ اسلام آباد بیورو چیف 03335190142

وزیراعظم کا غیرعلانیہ لوڈشیڈنگ پر اظہارِ برہمی

وزیراعظم محمد شہباز شریف نے ملک بھر میں بڑھتی ہوئی غیر علانیہ لوڈ شیڈنگ پر شدید برہمی کا اظہار کرتے ہوئے متعلقہ حکام کو ہدایت کی ہے کہ دو گھنٹے سے زائد بجلی بند نہ کی جائے اور تمام بجلی تقسیم کار کمپنیوں (ڈسکوز) کی سطح پر شکایات کے ازالے کے لیے کمیٹیاں تشکیل دی جائیں۔ اس سلسلے میں بنیادی سوال یہ ہے کہ کیا محض انتظامی ہدایات اور نوٹسز سے وہ بحران حل ہوسکتا ہے جو برسوں کی مجرمانہ غفلت، ناقص منصوبہ بندی اور نظامِ ترسیل کی زبوں حالی کا نتیجہ ہے؟ حقیقت یہ ہے کہ آج پاکستانی عوام دوہرے عذاب میں مبتلا ہیں، ایک طرف بجلی کی غیر علانیہ بندش انھیں حبس اور گرمی میں تڑپا رہی ہے تو دوسری جانب ماہانہ بلوں کی صورت میں ان کی جیبوں پر ڈاکا ڈالا جا رہا ہے۔ کیپسٹی چارجز کے نام پر عوام سے وصول کی جانے والی رقم، بجلی چوری اور لائن لاسز کا بوجھ ایماندار صارف پر منتقل کرنے کا وتیرہ اور نا اہل انتظامی مشینری یہ سب مل کر اس بحران کو مزید گمبھیر بنا رہے ہیں۔ محض یہ کہہ دینا کہ دو گھنٹے سے زیادہ لوڈ شیڈنگ نہ کی جائے زمینی حقائق کو نہیں بدل سکتا جب تک ٹرانسمیشن لائنوں کی بوسیدگی، پرانے گرڈ سٹیشنوں اور فرسودہ آلات کی تبدیلی پر عملی کام نہ کیا جائے۔ اسی طرح، پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں روزانہ کی بنیاد پر اضافے نے عوام کو ذہنی اذیت میں مبتلا کر رکھا ہے۔ اس کے لیے عالمی منڈی میں تیل کی قیمتوں کے اتار چڑھاؤ کا جواز پیش کیا جاتا ہے مگر عوام یہ جاننے کا حق رکھتے ہیں کہ آخر یہ فارمولا کیا ہے جس کے تحت نرخ بڑھائے جاتے ہیں؟ عوام کو محض جذباتی بیانات کی نہیں بلکہ ٹھوس اقدامات کی ضرورت ہے۔ ڈسکوز میں کرپشن اور نا اہلی کا خاتمہ، بجلی چوری روکنے کے لیے مؤثر میکانزم، بلنگ کے نظام میں شفافیت اور احتساب اور ترسیلی نظام کی بہتری کے لیے طویل مدتی حکمتِ عملی وقت کی اہم ضرورت ہے۔ اگر بروقت اور مؤثر اقدامات نہ کیے گئے تو بڑھتا ہوا عوامی اضطراب حکومتی رٹ اور گورننس کے لیے سنگین چیلنج بن سکتا ہے۔ وقت کا تقاضا ہے کہ حکومت زبانی دعوؤں سے آگے بڑھ کر عوام کو فوری اور ٹھوس ریلیف دے

پاکستان کے وزرائے اعظم کا آنا اور جانا

قیوم نظامی

پاکستان کی 79 سالہ سیاسی تاریخ کو اگر ایک جملے میں بیان کیا جائے تو کہا جاسکتا ہے وزیراعظم بہت آئے بہت گئے مگر پارلیمانی نظام مستحکم نہ ہوسکا۔ سوال یہ ہے کہ کیا مسئلہ افراد کا ہے یا نظام کا ہے 15 اگست 1947ء کو لیاقت علی خان نے پاکستان کے پہلے وزیراعظم کی حیثیت سے ذمہ داریاں سنبھالیں۔ وہ 16 اکتوبر 1951ء کو اپنی شہادت تک منصب پر فائز رہے۔ اس کے بعد خواجہ ناظم الدین محمد علی بوگرہ چوہدری محمد علی حسین شہید سہروردی آئی آئی چندریگر اور فیروز خان نون یکے بعد دیگرے وزیراعظم بنتے رہے۔ 1947ء سے 1958ء تک وزیراعظم کے منصب پر سات افراد کا آنا اس ابتدائی دور کی سیاسی بے یقینی کو ظاہر کرتا ہے۔ اس سیاسی صورتحال کے بارے میں نہرو نے تاریخی جملہ کہا "میں اتنے پاجامے نہیں بدلتا جتنے پاکستان کے وزیراعظم بدل جاتے ہیں" پھر 7 اکتوبر 1958ء آیا۔ مارشل لاء نافذ ہوا آئین منسوخ ہوا اور وزیراعظم کا منصب ہی ختم ہوگیا۔ یوں پاکستان میں سیاسی عدم استحکام ایک نئے مرحلے میں داخل ہوگیا 1971ء میں نورالامین مختصر مدت کے لیے وزیراعظم بنے لیکن ملک ایک شدید سیاسی اور قومی بحران سے گزر رہا تھا۔ 1973ء کے آئین کے نفاذ کے بعد ذوالفقار علی بھٹو وزیراعظم بنے۔ پارلیمانی نظام دوبارہ قائم ہوا لیکن 5 جولائی 1977ء کو فوجی مداخلت نے ایک مرتبہ پھر منتخب حکومت کا خاتمہ کردیا 1985ء میں محمد خان جونیجو وزیراعظم بنے۔ ان کا دور بھی اپنی آئینی مدت مکمل نہ کرسکا۔ 29 مئی 1988ء کو صدر جنرل ضیاء الحق نے آئین کے آرٹیکل 58(2)(b) کے تحت قومی اسمبلی تحلیل کردی۔ اسی کے نتیجے میں جونیجو حکومت ختم ہوگئی۔ قومی اسمبلی کے ریکارڈ کے مطابق 1985ء کی آٹھویں آئینی ترمیم نے صدر کو اسمبلی تحلیل کرنے کا صوابدیدی اختیار دیا تھا۔ 1988ء کے انتخابات کے بعد بے نظیر بھٹو وزیراعظم بنیں مگر اگست 1990ء میں ان کی حکومت بھی صدر غلام اسحاق خان نے ختم کردی۔ پھر نواز شریف آئے ان کی حکومت بھی 1993ء میں ختم ہوئی تاہم اس مرتبہ سپریم کورٹ نے اسمبلی بحال کردی۔ بالآخر سیاسی بحران برقرار رہا اور نواز شریف نے جولائی 1993ء میں وزارتِ عظمیٰ چھوڑ دی۔ 1993ء میں بے نظیر بھٹو دوبارہ وزیراعظم بنیں لیکن نومبر 1996ء میں ان کی حکومت ختم کردی گئی۔ 1997ء میں نواز شریف بھاری مینڈیٹ کے ساتھ دوبارہ اقتدار میں آئے، مگر اکتوبر 1999ء میں فوجی قبضے کے نتیجے میں ان کی حکومت کا خاتمہ ہوگیا۔ 1988 سے 1999 تک میوزیکل چیئر کا سیاسی ڈرامہ چلتا رہا

1999ء کے بعد ایک نیا تجربہ کیا گیا جنرل پرویز مشرف کے دور میں وزیراعظم کا منصب عملاً ثانوی حیثیت اختیار کر گیا۔ 2002ء کے انتخابات کے بعد میر ظفر اللہ خان جمالی وزیراعظم بنے پھر چوہدری شجاعت حسین اور شوکت عزیز اس منصب پر آئے۔ 2008ء میں پیپلز پارٹی کی حکومت قائم ہوئی۔ یوسف رضا گیلانی تقریباً چار سال وزیراعظم رہے، مگر 2012ء میں سپریم کورٹ کے فیصلے کے نتیجے میں ان کی وزارتِ عظمیٰ ختم ہوئی۔ ان کے بعد راجہ پرویز اشرف وزیراعظم بنے۔ 2013ء میں نواز شریف تیسری مرتبہ وزیراعظم بنے اور جولائی 2017ء میں سپریم کورٹ کے فیصلے کے نتیجے میں وزارتِ عظمیٰ سے محروم ہوگئے۔ شاہد خاقان عباسی نے باقی مدت پوری کی۔ 2018ء میں عمران خان وزیراعظم بنے۔ اپریل 2022ء میں قومی اسمبلی میں تحریکِ عدم اعتماد کامیاب ہوئی اور وہ وزارتِ عظمیٰ سے الگ ہوگئے۔ شہباز شریف نے نئی حکومت کی قیادت سنبھالی، اگست 2023ء میں اسمبلی کی مدت مکمل ہونے پر ان کی حکومت ختم ہوئی، انوارالحق کاکڑ نگران وزیراعظم بنے، اور مارچ 2024ء میں شہباز شریف دوبارہ وزیراعظم منتخب ہوئے۔ قومی اسمبلی کے موجودہ ریکارڈ میں شہباز شریف کو مارچ 2024ء سے موجودہ وزیراعظم درج کیا گیا ہے یہاں اصل بحث کسی ایک وزیراعظم کے حق یا مخالفت کی نہیں۔ اصل سوال یہ ہے کہ پاکستان میں منتخب حکومتوں کو آئینی مدت پوری کرنے میں مسلسل دشواری کیوں پیش آتی رہی؟

آئینی اداروں کے درمیان طاقت کا عدم توازن پاکستان کی تاریخ میں کبھی صدر کبھی فوجی قیادت کبھی عدلیہ اور کبھی سیاسی قوتیں اقتدار کے توازن پر اثر انداز ہوتی رہی ہیں۔ سیاسی جماعتوں کا کمزور جمہوری کلچر۔ ہماری جماعتوں میں اندرونی جمہوریت پالیسی تسلسل اور اختلافِ رائے برداشت کرنے کی روایت ابھی مضبوط نہیں ہوسکی۔ ادارہ جاتی حدود کا غیر واضح ہونا بھی حکومتوں کی تبدیلی کا سبب بنتا رہا جب ریاستی ادارے اپنی آئینی حدود سے تجاوز کرتے ہیں تو منتخب حکومت کا اختیار کمزور اور سیاسی نظام غیر یقینی کا شکار ہوجاتا ہے۔ ہر حکومت اپنے مخالفین کو ختم کرنے کی کوشش کرتی رہی اور اپوزیشن نے بھی حکومت گرانے کو سیاسی کامیابی سمجھا۔ نتیجہ یہ نکلا کہ اقتدار کی منتقلی جمہوری روایت کے بجائے طاقت کی کشمکش بن گئی۔ جمہوریت صرف اسلام آباد میں حکومت بنانے کا نام نہیں۔ جب تک اختیارات ضلعی اور مقامی سطح تک منتقل نہیں ہوتے جمہوری نظام عوام کی روزمرہ زندگی میں مضبوط جڑیں نہیں پکڑ سکتا

پاکستان میں ایک دلچسپ تضاد ہے۔ ہم وزیراعظم کو مضبوط دیکھنا چاہتے ہیں مگر ایسا نظام تشکیل نہیں دیتے جو وزیراعظم پارلیمنٹ اور اداروں کو آئینی حدود میں مضبوط بنائے۔ حقیقت یہ ہے کہ وزیراعظم کا استحکام دراصل پارلیمنٹ کے استحکام سے وابستہ ہے

☆☆☆☆

شہید میر مرتضیٰ بھٹو ایک عوامی لیڈر تھے

تحریر: عبدالفتاح عباسی

پاکستان کے صوبہ سندھ کی زرخیز اور خوبصورت سرزمین سے ایک سے بڑھ کر ایک انمول ھیروز دلیر بہادر نڈر قسم کے عظیم ھستیون نے جنم لیا ہے، سندھ کی زرخیز سرزمین میں وہ خوشبوء سمائی ہوئی ہے. جس کی شاندار تاریخ میں غیرت مند جذبے کی عکاسی کرنے والے اپنے سرزمین اپنے وطن پاکستان اپنی سرزمین سندھ کے ساتھ وعدہ نبھاتے ہوئے آگے کی جانب رواں دواں رہے ہیں. سندھ کی خوبصورت میٹھی ہواؤں کی سرحدیں اپنے اور دوسروں کیلئے یکساں پیار و محبت کا جذبہ رکھنے والی دھرتی سندھ کے ضلع لاڑکانہ کی نمایاں خصوصیات رکھنے والی عظیم سیاسی مدبر شخصیت شہید ذوالفقار علی بھٹو کے گھر میں 18 ستمبر 1954ع میں میر غلام المرتضیٰ بھٹو کی پیدائش ہوئی. شہید ذوالفقار علی بھٹو کی سیاسی بصیرت مدبرانہ انداز بیان، عوامی جذبہ، اپنی دھرتی ماں سے لگاء، عوام ملک وقوم کیلئے سچا مخلصانہ کھرا انمول اور بے مثال جوش جذبہ اور اپنے ملک پاکستان کو دنیا کے نقشے میں سب سے نمایاں اور اہمیت افادیت میں بلند و بالا دیکھنے کیلئے کسی بھی جابر غاصب ڈکٹیٹر، آمر کے سامنے جھکنے کے بجائے ہمیشہ سر اٹھا کر جینے کا سبق دوسروں کو دینے والے شہید ذوالفقار علی بھٹو کی تاریخ ہمیشہ سنہری الفاظ میں بیان کی جائے گی کیونکہ انہوں ملک وقوم کیلئے رسمی فارملٹی والی سیاست نہیں کی تھی بلکہ انہوں نے سندھ کے ایک غیرت مند ماں کے دودھ کو نبھاتے ہوئے کبھی بھی کسی موڑ پر بھی پیچھے دیکھنے کے بجائے بزدل کائنز ڈرپوک لوگوں کو ہر موڑ پر دلی طرح چیلنج کرتے کہا کہ بھٹو ایک نہیں ہے دو ہیں ایک میں جسمانی طور پر دوسرا آپ عوام ہیں. اسی دلیر بہادر نڈر قسم کی عظیم سیاسی شخصیت کا بیٹا میر مرتضیٰ بھٹو نے اپنے والد شہید ذوالفقار علی بھٹو کے برابر سیم ٹو سیم کاپی کے طور پر جس طرح دلیرانہ بہادرانہ مخلصانہ بے خوف نیک نیت سیاسی باب کا بنیاد رکھا جس کیلئے پورا پاکستان مگر پاکستان کا صوبہ سندھ کا ضلع لاڑکانہ شہر کا بچہ بچہ، ضعیف العمر، خواتین، مرد، نوجوان بلکہ ہر ایک شہید ذوالفقار علی بھٹو کے صاحبزادے میر مرتضیٰ بھٹو سے سب سے زیادہ پیار و محبت کرتا ہے. کیونکہ جس طرح شہید ذوالفقار علی بھٹو نے اپنے ملک پاکستان سندھ اور اپنے آبائی شہر لاڑکانہ کے عوام کی ہر مرتبہ ہر موقع پر دل جوئی کرنے کے ساتھ ساتھ شہید ذوالفقار علی بھٹو اپنے لوگوں میں آکر خود کو وزیراعظم نہیں بلکہ لاڑکانہ کا سندھ کا پاکستان کا ایک شہری ایک اپنا ہوکر میل ملاقاتیں کرتا تھا اسی ہی طرح سندھ کے ضلع لاڑکانہ کے المرتضیٰ ھاؤس کے دروازے ہمیشہ سب کیلئے عملی طرح کھلے رہتے تھے. شہید میر مرتضیٰ بھٹو اپنے والد شہید ذوالفقار علی بھٹو کی طرح ہر ایک سے میل ملاقات کرنے کے علاوہ عوامی مسائل لوگوں کے بڑی توجہ سے سنتے اور انہیں مسائل کے حل کیلئے فردن فردن ان کا سد باب شکایت مسائل دور کرنے کیلئے عملی کوششیں کرتا تھا. شہید میر مرتضیٰ بھٹو کی عوام دوستی کی لاڑکانہ سندھ کے لوگ مثالیں دیتے رہتے ہیں. وہ اپنے والد شہید ذوالفقار علی بھٹو کے اقتدار کے کچھ دنوں کے بعد وہ آمریتی دور میں جلاوطنی میں وقت گذارتا رہا. انہوں نے ملک شام، دمشق، لبنان، افغانستان، فرانس، فلسطین و دیگر ممالک میں جلاوطنی کے دن بڑی مشکلات کا سامنا کرتے ہوئے کیسے گذارے وہ ایک تلخ حقیقت ہے. آخر کار انہوں نے اپنی جلاوطنی کے بعد ملک پاکستان واپسی پر اپنے آبائی المرتضیٰ ھاؤس جو کہ میر صاحب کے بڑے دادا غلام مرتضیٰ خان بھٹو کے نام سے میر صاحب کے دادا شاہنواز علی خان بھٹو نے بنایا تھا جس میں ملک کا پہلا منتخب وزیراعظم شہید ذوالفقار علی بھٹو اکثر رہائش اختیار کرتا رہا، اسی طرح میر صاحب اپنے گھر میں پہنچ کر نہ صرف اپنے آبائی گھر المرتضیٰ ھاؤس کی بلکہ لاڑکانہ شہر کی رونقیں بحال کردیں. اسی طرح میر مرتضیٰ بھٹو کے سندھ لاڑکانہ پہنچنے پر پورے ملک خصوصاً سندھ کے شہر شہر، گاؤں گاؤں، قریہ قریہ، نگر نگر، وستی وستی ہر جگہ سے ملک کے پہلے منتخب وزیراعظم شہید ذوالفقار علی بھٹو کے گھر المرتضیٰ ھاؤس کی دوبارہ لوگوں کے قافلوں وفود میں آنے سے رونقیں بحال ہوگئیں. پاکستان کا باشعور طبقہ بہت بڑی خوشی محسوس کرنے لگا اور لاڑکانہ کے لوگوں کی انتہا درجے کی خوشی سے جھوم اٹھے اور پھر لاڑکانہ کے عوام نے اپنا قیمتی ووٹ دیکر ایک مرتبہ شہید ذوالفقار علی بھٹو کی ملک کیلئے عظیم قربانی نبھاتے ہوئے بیگم نصرت بھٹو، میڈم غنوی بھٹو اور فاطمہ بھٹو اور جونیئر ذوالفقار علی بھٹو جو کہ پوری بھٹو فیملی کا اکیلا وارث ہے. جو کہ اپنے دادا شہید ذوالفقار علی بھٹو اور اپنے والد میر مرتضیٰ بھٹو کے عوامی خدمت میں ٹو کاپی کی طور پر سامنے آرہا ہے، میر مرتضیٰ بھٹو نے اپنی جلاوطنی کے دوران کافی مشکلات مصائب، درد وآلام کا سامنا کیا آسی دوران انہی کو بڑے تجربات بھری زندگی سے گذرنا پڑا اسی طرح ہی اسی کے بیٹے جونیئر ذوالفقار علی بھٹو کو بھی طرح طرح کی مشکلات مصائب مسائل کا سامنا کرنے پڑے ہیں مگر یہ بات ایک کھلی حقیقت ہے کہ ملک پاکستان اور صوبہ سندھ کی سرزمین لاڑکانہ میں ایسی مقناطیسی کشش ہے کہ لاڑکانہ سندھ کا بھٹو جو شہید ذوالفقار علی بھٹو کے گھر کا خاندان کا وارث وہ شہید میر مرتضیٰ بھٹو ہو یا پھر جونیئر ذوالفقار علی بھٹو ہو وہ کمال مٹی سے جنم لینے والے شخصیات ہیں ان کے بلڈ خون میں سچی مخلصانہ عوامی خدمات کا جذبہ اٹوٹ سمندر کی طرح سماں ہوا ہے. ان کی فطرت میں عوام کی خدمت کرنا لکھا ہوا ہے. میر مرتضیٰ بھٹو لاڑکانہ شہر الیکشن کے دوران 1993ع میں کامیاب ہوئے اور سندھ اسمبلی کے ممبر بنے. انہوں نے 1995 میں پاکستان پیپلز پارٹی شہید بھٹو پارٹی تنظیم کا بنیاد رکھا، جس کے بعد انہوں سندھ اسمبلی میں عوامی خدمات کیلئے اپنے بہادر جرئتمند والد شہید ذوالفقار علی بھٹو کی طرح سندھ کے منتخب ایوان میں مسخرا پن، مذاق کے سلسلے کو ختم کرنے میں نمایاں کردار ادا کرنے کی بھرپور کوشش کیں، شاید ملک پاکستان کا یہ واحد اسمبلی میمبر تھا جس کے دروازے ہر وقت ہمیشہ عملی طور پر کھلے ہوئے دکھائی دیئے، لاڑکانہ کے لوگ اگر انکروچمنٹ کے نام پر مظالم کا شکار ہوتے یا لاڑکانہ شہر میں غریب عوام کا سرکاری اسپتال میں علاج نہیں ہوتا یا پھر شہر لاڑکانہ میں صفائی ستھرائی کا کام بہتر نہیں ہوتے دکھائی دیتا تو پھر شہید ابن شہید میر مرتضیٰ بھٹو صاحب دن ہورات اپنی گاڑی میں نکل پڑتا تھا جس پر کئی بار اتفاق یہ بھی ہوا کہ وقت کے کرپٹ افسران دفاتر سے بھاگ کر چلے جاتے تھے. میر مرتضیٰ بھٹو عوامی لیڈر تھا ان کی دوستی محبت پیار الفت صرف اور صرف انہیں مزدور طبقہ مساکین سے تھی وہ اپنے والد کی ملک پر بادشاہی بھی دیکھ چکا تھا اور انہوں نے مصائب و مشکلات کا سامنا کرتے ہوئے جلاوطنی بھی برداشت کی تھی انہی کو عوامی احساس درد شدت سے تھا. وہ ملکاں ملک دربدری کے مسائل سے بہت کچھ سیکھ چکا تھا ان کی ہمدردی صرف اپنے لوگوں ملک کے عوام کے ساتھ تھیں. وہ جاگیرداروں، سرمایہ داروں، وڈیروں، چوہدریوں اور اس طرح کے کلچر سے شدید ترین نفرت کرتا تھا کیونکہ اسی کلچر میں ملک کے حقیقی مسائل کا حل ناممکن ہے اور یہ طبقہ ہمیشہ اپنے کلاس کے کیلئے جیتا اور مرتا ہے، اسی طرح ملک انہی کلچر سے تباہ و برباد ہوجاتا ہے، اسی وڈیرا، نواب، رئیس، خان، چوہدری، بھوتار کلچر نے ملک پاکستان کے سسٹم کو پیچھے کیا ہوا ہے. میر مرتضیٰ بھٹو پاکستان کے تمام صوبوں پنجاب، کے پی کے، بلوچستان، گلگت بلتستان، آزاد کشمیر جگہ جگہ گئے اور ملک پاکستان کے عوام کو اعلی اعلان بتایا کہ ملک پاکستان کو بچانا ہے تو اسی جاگیردار، سرمایہ دارانہ نظام کو شکست دے کر ملک کے اصل قوت طاقت عوام کی زبان آواز کو سمجھنے کی کوشش کریں. ملک کے پہلے منتخب وزیراعظم اور پاکستان پیپلز پارٹی کے بانی شہید ذوالفقار علی بھٹو کے گھر میں سب سے پہلے بے نظیر بھٹو نے جنم لیا اس کے بعد میر مرتضیٰ بھٹو اور شاہنواز بھٹو بعد میں صنم بھٹو پیدا ہوئی. اسی طرح شہید ذوالفقار علی بھٹو کو اپنی بیوی بیگم نصرت بھٹو سے چار دو بیٹے اور دو بیٹیاں تھیں، ذوالفقار علی بھٹو سنی اہلسنت سے تعلق رکھتا تھا، شہید محترمہ بے نظیر بھٹو صاحبہ بھی اپنے والد شہید کی طرح سنی اہلسنت سے تعلق رکھنے والی خاتون تھی. اسی طرح شہید میر مرتضیٰ بھٹو اور اس کا بھائی شاہنواز بھٹو بھی سنی اہلسنت سے تعلق رکھنے والے تھے، جبکہ بیگم نصرت بھٹو ایران کی تھی وہ شیعہ تھیں. میر مرتضیٰ بھٹو لاڑکانہ میں اہلسنت جماعت بریلوی مسلک کی جامع مسجد قاسمیہ عیدگاہ میں نماز جمعہ ادا کیا کرتے تھے. میر مرتضیٰ بھٹو سندھی، بلوچ، پختون، پنجابی، سرائیکی، براہوئی، کشمیریوں سمیت دیگر زبانیں بولنے والوں کے ایک ایسا ھیرو مرد مجاھد تھا جس کی نہ صرف پورے ملک پاکستان کے گلی کوچوں میں چرچا سالہا سال سے بہادری جرئتمندانہ اقدامات کی وجہ سے چل رہا ہے. اس کو ملک کا ہر فرد عوام کا سمندر دل سے چاہتا رہا مگر ملک کی مافیاؤں سازشی عناصر ایک ملک کا ایسا طبقہ جو کہ کسی صورت میں بھی نہیں چاہتا ہے کہ عوام خوشحال بنے، وہ نہیں چاہتا ہے کہ ملک پاکستان ترقی کرے، وہ طبقہ بھی نہیں چاہتا ہے کہ عوام کو پذیرائی دی جائے کہ وہ ہمارے سامنے بیٹھ کر اپنے حقوق کی بات کرے، وہ سازشی عناصر طبقہ ملک کی ترقی خوشحالی کے بجائے ملک کو مسائل میں گھیرا ہوا دیکھنا چاہتے ہیں، وہ لٹیرا قابض مافیاؤں سے بھرا ہوا طبقہ کسی آور کی ایجنڈا پر کام کرتے ہوئے ہمارے ملک پاکستان کو کمزور کرنا چاہتا ہے اسی لئے وہ سامراج دلال ایجنٹ طبقہ ہر دور میں سازشیں کرکے ہماری صفوں میں گھس کر ہمیں ہی بیوقوف کرکے طرح طرح کی لالچیں دیکر ہمارے دلیر بہادر جرئتمندانہ حوصلہ رکھنے والے عظیم لیڈروں سربراہوں، رہنماؤں سے محروم کرتا رہا ہے، وہ سازشی عناصر کا لوٹمار کرنے والا طبقہ ملک میں ایسے کٹ پتلی تماش بین لوگوں کی بھرتی کی جاتی ہے جو کہ زبان ہوتے ہوئے بھی بول نہیں سکتے ؟ آنکھیں ہونے کے باوجود دیکھ نہیں سکتے ؟، کان سماعت ہونے کے باوجود وہ کٹ پتلی تماش بین سن نہیں سکتے ھین؟، ہمارے ملک میں ایسے نوجوان وطن دوست، جرئتمند، بہادر، پڑھے لکھے مخلصانہ جذبہ رکھنے والوں کی قیادت کی اشد ضرورت ہے جو کہ کسی سازشی عناصر کا حصہ نہ ہوں بلکہ وہ شہید میر مرتضیٰ بھٹو جیسا ملک دوستی کا مثال کے طور پر جانے پہچانے جاتے ہوں. ابھی بھی شدت سے پوری دنیا و پاکستان کے تمام ترصوبوں کا کروڑ ہا عوام یہ بات بڑے فخر سے اور خواہش کے طور پر کرتا ہے کہ اگر اس ملک میں شہید ذوالفقار علی بھٹو ہوتا یا اس کا صاحبزادہ شہید میر مرتضیٰ بھٹو زندہ ہوتے تو ملک پاکستان کا یہ حال موجودہ مسائل نہیں ہوتے!، کیوں کہ انہیں میں مدبرانہ ویزن سوچ تھی

منظرنامہ

جمہوریت کی مضبوطی میں پلڈاٹ کا 24 سالہ کردار

13 December

گوشہ چمن
03337752771
حافظ محمد صدیق مدنی
siddique.madani@gmail.com

پاکستان میں جمہوریت کی مضبوطی صرف انتخابات کے انعقاد تک محدود نہیں۔ ایک مستحکم جمہوری معاشرے کے لیے مضبوط پارلیمانی ادارے، آئین وقانون کی بالادستی، شفاف حکمرانی، مؤثر قانون سازی، سیاسی مکالمہ، شہری شرکت اور ایسی نوجوان قیادت ضروری ہے جو جمہوری اقدار اور پارلیمانی طریقۂ کار سے واقف ہو۔ اسی وسیع تر تناظر میں پاکستان انسٹی ٹیوٹ آف لیجسلیٹو ڈویلپمنٹ اینڈ ٹرانسپیرنسی (PILDAT) کی 2002ء سے جاری خدمات کو دیکھا جائے تو گزشتہ 24 برس کا سفر پاکستان میں جمہوری شعور اور پارلیمانی تربیت کے حوالے سے ایک اہم ادارہ جاتی کاوش کے طور پر سامنے آتا ہے۔ پلڈاٹ ایک آزاد، غیر جماعتی اور غیر منافع بخش تھنک ٹینک کے طور پر پاکستان میں جمہوریت اور جمہوری طرزِ حکمرانی کو مضبوط بنانے کے لیے تحقیق، پالیسی تجزیے، شہری شمولیت، پارلیمانی تربیت اور مکالمے کے مختلف پروگرام چلاتا ہے۔ ادارہ پارلیمنٹ اور صوبائی اسمبلیوں کی کارکردگی، انتخابی عمل، گورننس، جمہوری اداروں اور پالیسی معاملات پر باقاعدگی سے تحقیق اور تجزیہ شائع کرتا ہے۔ پلڈاٹ خود بھی اپنی سرگرمیوں کو پاکستان میں جمہوریت کو زیادہ جواب دہ، جامع اور مؤثر بنانے کی کوشش قرار دیتا ہے۔ 2002ء میں اپنے قیام سے لے کر 2026ء تک پلڈاٹ نے پاکستان کے جمہوری سفر کے مختلف ادوار میں پارلیمانی اور سیاسی معاملات پر بحث کو فروغ دینے کی کوشش کی۔ اس کی اہمیت اس لیے بھی بڑھ جاتی ہے کہ جمہوری اداروں کی کارکردگی پر بامعنی گفتگو کے لیے صرف سیاسی وابستگی کافی نہیں ہوتی بلکہ مستند معلومات، تحقیق، اعداد و شمار، آئینی شعور اور اداروں کے طریقۂ کار کو سمجھنا بھی ضروری ہے۔ پلڈاٹ نے اسی ضرورت کو سامنے رکھتے ہوئے پارلیمان، صوبائی اسمبلیوں، سیاسی کارکنوں، نوجوانوں، سول سوسائٹی اور دیگر متعلقہ طبقات کے لیے تربیتی اور مکالماتی مواقع پیدا کیے۔ پلڈاٹ کی خدمات کا ایک نمایاں پہلو اس کی پارلیمانی تحقیق اور جمہوری اداروں کی کارکردگی کا جائزہ ہے۔ ادارہ مختلف اوقات میں پارلیمان، سینیٹ، قومی و صوبائی اسمبلیوں، قومی سلامتی کے ادارہ جاتی کردار، انتخابی عمل اور جمہوریت کے معیار سے متعلق رپورٹس شائع کرتا رہا ہے۔ 2025ء کی جمہوریت کی کیفیت سے متعلق رپورٹ بھی اسی سلسلے کی ایک مثال ہے، جس میں ادارے نے سال بھر کی سیاسی و ادارہ جاتی پیش رفت کا جائزہ لے کر جمہوری حکمرانی پر بامعنی مکالمے اور اصلاحات میں حصہ ڈالنے کا مقصد بیان کیا۔ یہی وہ کام ہے جو جمہوریت کو محض ایک سیاسی نعرے کے بجائے ایک باقاعدہ ادارہ جاتی عمل کے طور پر سمجھنے میں مدد دیتا ہے۔ ایک عام شہری کے لیے پارلیمنٹ شاید صرف ایوان، اجلاس، تقاریر اور قانون سازی کا نام ہو، لیکن حقیقت میں پارلیمانی نظام میں قانون سازی، قائمہ کمیٹیاں، سوالات، قراردادیں، بجٹ، نگرانی، پالیسی سازی، حکومتی جواب دہی اور اپوزیشن کا کردار جیسے متعدد پہلو شامل ہوتے ہیں۔ ان معاملات کو عام فہم انداز میں سمجھانا اور نوجوانوں کو ان کا عملی تجربہ فراہم کرنا پلڈاٹ کے اہم کاموں میں شامل رہا ہے۔ پلڈاٹ کی خدمات کا سب سے خوبصورت اور مستقبل ساز پہلو یوتھ پارلیمنٹ پاکستان ہے۔ پاکستان ایک نوجوان آبادی رکھنے والا ملک ہے اور کسی بھی جمہوری معاشرے میں نوجوانوں کی سیاسی و شہری تربیت مستقبل کی قیادت کی تشکیل میں اہم کردار ادا کرتی ہے۔ پلڈاٹ نے اسی ضرورت کو محسوس کرتے ہوئے یوتھ پارلیمنٹ کے ذریعے نوجوانوں کو جمہوری مکالمے، پارلیمانی طریقۂ کار، پالیسی مباحث اور قیادت کی تربیت کے مواقع فراہم کیے۔ پلڈاٹ کے مطابق یوتھ پارلیمنٹ پاکستان کا آغاز 2005ء میں ہوا اور اس کے مختلف کوہارٹس کے ذریعے 2,000 سے زائد نوجوانوں کی تربیت اور رہنمائی بھی ہے۔ یوتھ پارلیمنٹ کا 18واں کوہارٹ بھی اسی طویل سفر کی ایک اہم کڑی تھا۔ اس کا آغاز 2023ء میں ہوا اور ملک بھر سے نوجوانوں کو اس میں شامل ہونے کا موقع دیا گیا۔ پلڈاٹ کے مطابق 18ویں یوتھ پارلیمنٹ میں قومی اسمبلی کے تمام حلقوں سمیت آزاد کشمیر، گلگت بلتستان اور بیرونِ ملک مقیم پاکستانی نوجوانوں کے لیے بھی نمائندگی رکھی گئی۔ میں بلوچستان سے حلقہ این اے 266 قلعہ عبداللہ کم چمن سے شریک رہا ہوں۔ اس پروگرام کا مقصد نوجوانوں کو تکنیکی، ابلاغی اور قیادتی صلاحیتوں کے ساتھ ساتھ قومی، علاقائی اور عالمی معاملات کو بہتر طور پر سمجھنے کے مواقع فراہم کرنا تھا۔ 18ویں یوتھ پارلیمنٹ میں نوجوانوں کو صرف تقریری سرگرمیوں تک محدود نہیں رکھا گیا بلکہ پارلیمانی طرز کے اجلاس، قائمہ کمیٹیاں، انتخابات، پالیسی ڈائیلاگ اور قومی مسائل پر بحث کا عملی ماحول فراہم کیا گیا۔ اپریل 2024ء میں اس کی 14 قائمہ کمیٹیوں کے عہدیداران کا انتخاب آن لائن ووٹنگ کے ذریعے ہوا، جس سے نوجوان شرکاء کو پارلیمانی کمیٹی کے نظام اور اندرونی جمہوری عمل کا عملی تجربہ حاصل ہوا۔ اسی طرح 18ویں یوتھ پارلیمنٹ کے مختلف اجلاسوں میں امن، برداشت، مذہبی ہم آہنگی، نوجوانوں کی سیاسی شمولیت، انتہاپسندی، ڈیجیٹل شہری شعور، موسمیاتی تبدیلی، شہری تعلیم اور پالیسی سازی جیسے موضوعات زیر بحث آئے۔ جنوری 2025ء میں کراچی میں منعقد ہونے والے اجلاس میں ملک کے مختلف علاقوں سے نوجوان شریک ہوئے اور بین المذاہب ہم آہنگی، اقلیتوں کے حقوق، نوجوانوں کی شمولیت اور تشدد کے رجحانات جیسے معاملات پر پارلیمانی طرز کا مکالمہ ہوا۔ مئی 2025ء میں 18ویں یوتھ پارلیمنٹ کا آخری اجلاس اسلام آباد میں ہوا جس میں نوجوانوں کی قیادت، شہری شرکت، امن اور انتہاپسندی کے تدارک سمیت مختلف موضوعات زیر بحث آئے۔ اس طرح 18واں کوہارٹ بھی اپنے ایک سالہ تربیتی اور پارلیمانی سفر کی تکمیل تک پہنچا۔ پلڈاٹ کے 24 سالہ سفر کا ایک اور اہم پہلو ینگ پولیٹیشنز فیلوشپ پروگرام ہے۔ یہ پروگرام خاص طور پر نوجوان سیاسی کارکنوں اور سیاسی جماعتوں سے وابستہ نوجوانوں کی تربیت اور قیادت سازی کے لیے تشکیل دیا گیا۔ پلڈاٹ کی سالانہ رپورٹ کے مطابق ینگ پولیٹیشنز فیلوشپ پروگرام کے دوسرے کوہارٹ میں قومی اسمبلی یا چاروں صوبائی اسمبلیوں میں نمائندگی رکھنے والی سیاسی جماعتوں سے تعلق رکھنے والے 27 نوجوان سیاسی کارکنوں کا انتخاب کیا گیا۔ اس پروگرام میں سیاسی چیلنجز، پالیسی اصلاحات، قیادت سازی، علمی تربیت اور پالیسی و عملی ماہرین سے رابطے کے مواقع فراہم کیے گئے۔ یہاں میرے لیے پلڈاٹ کا ذکر محض ایک مبصر یا قاری کے طور پر نہیں بلکہ ایک شرکاء اور مستفید ہونے والے شخص کے طور پر بھی اہم ہے۔ مجھے پلڈاٹ کے ینگ پولیٹیشنز فیلوشپ پروگرام کے سیکنڈ کوہارٹ اور یوتھ پارلیمنٹ آف پاکستان کے 18ویں سیشن میں شرکت کا موقع ملا۔ یہ دونوں تجربات میرے لیے محض کسی پروگرام میں شرکت نہیں بلکہ میری فکری، سیاسی اور پارلیمانی تربیت کے حوالے سے نہایت اہم مراحل تھے۔ میری سیاسی زندگی میں تقریباً پندرہ سال کا عملی سفر ہے اور اس سے پہلے میری اٹھارہ سالہ تعلیمی زندگی بھی رہی ہے۔ لیکن پلڈاٹ کے ان دونوں پروگراموں میں شرکت کے دوران مجھے پارلیمانی نظام، جمہوریت، قانون سازی، سیاسی اداروں، پالیسی سازی، پارلیمانی کمیٹیوں، سیاسی مکالمے اور ملکی سیاست کے مختلف پہلوؤں کے بارے میں جو عملاً تربیت، معلومات اور مشاہدہ حاصل ہوا وہ میرے اٹھارہ سالہ تعلیمی سفر اور تقریباً پندرہ سالہ سیاسی جدوجہد کے دوران حاصل نہیں ہوسکا تھا۔ یہ بات کسی رسمی تعریف کے طور پر نہیں بلکہ ایک ذاتی تجربے کے طور پر عرض کر رہا ہوں۔ تعلیم نے مجھے کتاب، نظریہ اور علمی بنیاد فراہم کی جبکہ سیاسی جدوجہد نے مجھے زمینی سیاست، کارکنوں، عوامی مسائل اور سیاسی عمل سے متعارف کرایا لیکن پلڈاٹ نے ان دونوں تجربات کے درمیان ایک ایسا پل فراہم کیا جہاں نظریہ، عملی سیاست، پارلیمانی طریقۂ کار اور جمہوری اداروں کی سمجھ ایک ساتھ سامنے آئی۔ یوتھ پارلیمنٹ میں شرکت کے دوران پارلیمانی اجلاس کا ماحول، مختلف موضوعات پر بحث، قائمہ کمیٹیوں کا تصور، قراردادیں، عہدیداروں کا انتخاب اور پالیسی معاملات پر مکالمہ اس بات کو سمجھنے میں مدد دیتا ہے کہ جمہوری ادارے کس طرح کام کرتے ہیں۔ اسی طرح ینگ پولیٹیشنز فیلوشپ نے سیاسی کارکن کی حیثیت سے یہ سمجھنے کا موقع دیا کہ سیاست صرف جلسے، تنظیمی سرگرمی یا انتخابی عمل کا نام نہیں بلکہ پالیسی، تحقیق، ادارہ جاتی فہم، دلیل، مکالمہ اور مسلسل سیکھنے کا بھی تقاضا کرتی ہے۔ میرے لیے پلڈاٹ کی سب سے بڑی خوبی یہی ہے کہ اس نے نوجوانوں کو صرف یہ نہیں بتایا کہ جمہوریت کیا ہے بلکہ مختلف پروگراموں کے ذریعے انہیں جمہوریت کو عملی طور پر سمجھنے کا موقع بھی فراہم کیا۔ یہی فرق کتابی علم اور عملی تربیت میں ہوتا ہے۔ جب ایک نوجوان خود پارلیمانی انداز میں اجلاس میں بیٹھتا ہے، بحث کرتا ہے، سوال کرتا ہے، کمیٹی میں کام کرتا ہے، مختلف سیاسی و فکری پس منظر رکھنے والے لوگوں کی آرا سنتا ہے اور پھر اپنی رائے دلیل کے ساتھ پیش کرتا ہے تو اس کی سیاسی اور جمہوری تربیت ایک مختلف سطح پر پہنچتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ پلڈاٹ کا یوتھ پارلیمنٹ پروگرام صرف نوجوانوں کے لیے ایک سرگرمی نہیں بلکہ مستقبل کی قیادت کی تربیت کا ایک ذریعہ بھی سمجھا جاسکتا ہے۔ پلڈاٹ کے مطابق گزشتہ یوتھ پارلیمنٹس کے بہت سے سابق ارکان بعد میں سیاست، گورننس، سول سروس، اکیڈمیا اور دیگر شعبوں میں آگے بڑھے ہیں۔ پاکستان میں سیاسی اختلاف اکثر ذاتی یا جماعتی کشمکش کی شکل اختیار کر لیتا ہے اس لیے ایسے پلیٹ فارمز کی اہمیت مزید بڑھ جاتی ہے جہاں مختلف سیاسی پس منظر رکھنے والے نوجوان ایک ہی میز پر بیٹھ کر قومی مسائل پر گفتگو کرسکیں۔ اختلافِ رائے کو دشمنی کے بجائے جمہوری عمل کا حصہ سمجھنا، مخالف نقطۂ نظر کو سننا، دلیل سے جواب دینا اور قومی مفاد سے متعلق معاملات پر پالیسی کی زبان میں گفتگو کرنا ایک ایسی سیاسی تربیت ہے جس کی ضرورت ہمیشہ محسوس کی جاتی رہے گی۔ پلڈاٹ نے نوجوانوں کے لیے ڈیجیٹل دور کی ضروریات کو بھی اپنے پروگراموں میں شامل کیا ہے۔ 18ویں یوتھ پارلیمنٹ کے سلسلے میں ڈیجیٹل شہریت، ڈیجیٹل خواندگی، آن لائن غلط معلومات اور نفرت انگیز مواد کے مقابلے جیسے موضوعات بھی سامنے آئے۔ یہ اس بات کی علامت ہے کہ نوجوانوں کی جمہوری تربیت اب صرف روایتی سیاسی اور پارلیمانی معلومات تک محدود نہیں رہی بلکہ ڈیجیٹل دنیا میں ذمہ دار شہری کردار بھی اس کا حصہ بن چکا ہے۔ پلڈاٹ کی خدمات کا دائرہ صرف نوجوانوں تک محدود نہیں۔ پارلیمانی کارکردگی، انتخابی عمل، گورننس، قانون سازی، سیاسی جماعتوں، جمہوری اداروں اور قومی پالیسی کے مختلف پہلوؤں پر اس کی تحقیق اور مباحث نے پاکستان کے جمہوری ڈسکورس میں ایک مستقل جگہ بنائی ہے۔ اس کی سرگرمیوں میں پارلیمانی کارکردگی کے جائزے سے لے کر انتخابی امور، سیاسی جماعتوں کی شمولیت، گورننس اور شہری شرکت تک مختلف موضوعات شامل رہے ہیں۔ یقیناً پاکستان کا جمہوری سفر مختلف چیلنجز سے گزرتا رہا ہے اور آج بھی جمہوری اداروں کو مضبوط بنانے، پارلیمانی نگرانی بہتر کرنے، سیاسی مکالمے کو فروغ دینے اور نوجوانوں کی مؤثر شرکت یقینی بنانے کے حوالے سے بہت سا کام باقی ہے۔ پلڈاٹ کی اپنی حالیہ رپورٹس اور سرگرمیاں بھی ان موضوعات پر مسلسل بحث اور اصلاحات کی ضرورت کو اجاگر کرتی ہیں۔ ایسے ماحول میں پلڈاٹ کے 24 سال مکمل ہونا محض ایک ادارے کی سالگرہ نہیں بلکہ پاکستان میں جمہوری شعور، پارلیمانی تربیت اور شہری شرکت کے ایک مسلسل سفر کی یاد دہانی بھی ہے۔ دو دہائیوں سے زائد عرصے تک ایک ادارے کا جمہوری اداروں، پارلیمانی نظام، گورننس، تحقیق اور نوجوانوں کی تربیت کے شعبوں میں مسلسل کام کرنا ایک قابلِ ذکر ادارہ جاتی تجربہ ہے۔ میرے ذاتی تجربے میں پلڈاٹ کی سب سے قیمتی خدمت یہی ہے کہ اس نے میرے جیسے سیاسی کارکن کو سیاست کو ایک نئے زاویے سے دیکھنے کا موقع دیا۔ 18 سالہ تعلیمی سفر اور 15 سالہ سیاسی جدوجہد نے جو کچھ سکھایا اس کے ساتھ پلڈاٹ کی عملی پارلیمانی اور جمہوری تربیت نے میرے علم اور تجربے میں ایک ایسا اضافہ کیا جسے میں اپنی سیاسی و فکری زندگی کا اہم سرمایہ سمجھتا ہوں۔ آج جب پلڈاٹ 24 برس مکمل کر رہا ہے تو اس ادارے سے وابستہ تمام افراد، منتظمین، محققین، تربیت کاروں، پارلیمانی ماہرین اور بالخصوص ان ہزاروں نوجوانوں کو خراجِ تحسین پیش کرنا چاہتا ہوں جو اس کے مختلف پروگراموں کا حصہ رہے ہیں۔ ینگ پولیٹیشنز فیلوشپ کے کوہارٹس سے لے کر یوتھ پارلیمنٹ کے 18 سیشنز تک یہ سفر اس بات کی ایک مثال ہے کہ نوجوانوں کو اگر علم، تربیت، مکالمے اور عملی تجربے کے مواقع فراہم کیے جائیں تو وہ قومی زندگی میں زیادہ باخبر اور فعال کردار ادا کرسکتے ہیں۔ پلڈاٹ کے 24 سالہ سفر کے لیے نیک تمنائیں۔ پاکستان میں جمہوری اداروں کی مضبوطی، پارلیمانی شعور کے فروغ، سیاسی مکالمے اور نوجوان قیادت کی تربیت کے لیے اس نوعیت کی ادارہ جاتی کاوشوں کی ضرورت آئندہ بھی برقرار رہے گی۔ پلڈاٹ کی خدمات یقیناً قابلِ ذکر، قابلِ قدر اور قابلِ ستائش ہیں، اور میرے لیے اس ادارے کی سب سے بڑی یادگار یہ ہے کہ میں اس کے ینگ پولیٹیشنز فیلوشپ کے دوسرے کوہارٹ اور یوتھ پارلیمنٹ آف پاکستان کے 18ویں سیشن کا حصہ رہا ہوں۔



☆☆☆☆

☆☆

بقیہ 1

800cc تک گاڑی استعمال کرنے والے پہلے کی طرح ہر دس روز میں 10 لیٹر پٹرول پر 100 روپے فی لیٹر کی رعائت حاصل کریں گے یوں ایک مہینہ میں 10 لیٹر کے 3 ٹوکن جاری کرنے کا سلسلہ بھی چلتا رہے گا۔ وزیراعظم شہباز شریف نے اس سے قبل سکیم سے ریلیف حاصل کرنے کے اہل افراد کیلئے رجسٹریشن مینج کو بالکل مفت کرنے کا اعلان کیا تھا۔ وزیراعظم نے فیول ریلیف سکیم میں 20 سال پرانی موٹر سائیکلوں، رکشوں اور چنگ چی رکشوں کو شامل کرنے کی ہدایت کی تھی، جس پر عملدرآمد شروع کر دیا گیا ہے۔ یکم جنوری 2006ء کے بعد رجسٹرڈ تمام موٹر سائیکلیں، رکشے، چنگ چی وزیراعظم فیول ریلیف سکیم میں رجسٹریشن کیلئے اہل ہو گئے ہیں۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف ریلیف سکیم کی ہر پہلو سے نگرانی خود کر رہے ہیں۔ وزیراعظم نے سکیم سے مستفید ہونے والوں کا دائرہ کار وسیع اور پٹرول پر رعائت کی باعزت و باآسانی اور بلارکاوٹ فراہمی کو یقینی بنانے کی ہدایت کی ہے۔

بقیہ 2

حلقے نارووال میں ٹیکنیکل کالج کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے احسن اقبال نے کہا کہ پاکستان کو آج فساد اور لانگ مارچ کی نہیں بلکہ اتحاد، امن اور استحکام کی ضرورت ہے، نوجوان ملک میں امن، استحکام اور اتحاد کی آواز بنیں۔ انہوں نے کہا کہ اگر کسی ملک کی ٹی وی سکرین پر مار ماری اور بدامنی کے مناظر دکھائی دے رہے ہوں تو کیا بین الاقوامی سرمایہ کار ایسے ملک کا رخ کرے گا؟ بین الاقوامی سرمایہ کار اسی ملک میں جاتا ہے جہاں امن اور استحکام ہو۔ انہوں نے کہا کہ نوجوانوں کا فرض ہے کہ پاکستان کے امن، استحکام اور اتحاد کی آواز بنیں، اگر کوئی ہمیں لڑانا چاہتا ہے تو ایسی آوازوں کو مسترد کریں۔ صرف اس آواز کے ساتھ چلیں جو پاکستان کو ایک قوم بنائے اور پاکستان کو زندہ باد کرے۔ احسن اقبال نے کہا کہ ہمارا مشن پاکستان کو دنیا کی بہترین معیشت بنانا ہے، اس مقصد کیلئے پاکستان کے نوجوانوں کو مرغیاں، کٹیاں، کٹیا اور انڈے دینے کی بجائے بہترین تعلیم اور ٹیکنیکل تعلیم فراہم کرنا ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ نوجوان بہترین معمار بن کر اپنے لیے بھی سرمایہ افتخار اکٹھا کریں، ہم سب کیلئے باعثِ فخر بنیں اور پاکستان کی پہچان بنیں۔

بقیہ 3

استعمال کرنے والوں کو سہولت کی فراہمی ہے۔ میڈیا بریفنگ کے دوران وفاقی وزیر نے کہا کہ سکیم کے تحت اہلیت کا دائرہ کار بڑھا دیا گیا ہے اور اب اس میں یکم جنوری 2006 سے رجسٹرڈ موٹر سائیکلوں کو بھی شامل کر لیا گیا ہے جبکہ اس سے قبل 2011 کی حد مقرر تھی۔ انہوں نے کہا کہ یہ فیصلہ پرانی موٹر سائیکلوں کی اہلیت کے حوالے سے شہریوں اور صحافیوں سے موصول ہونے والی آراء کے پیش نظر کیا گیا ہے۔ شزہ فاطمہ خواجہ نے بتایا کہ دو اور تین پہیوں والی گاڑیوں کیلئے 500 روپے کی ٹوکن کی حد میں بھی ترمیم کر دی گئی ہے۔ نظرثانی شدہ طریقہ کار کے تحت، فی ٹوکن پانچ لیٹر کی سابقہ حد ختم کر دی گئی ہے، جس سے اہل موٹر سائیکل، چنگ چی اور رکشہ مالکان اپنی ضرورت کے مطابق ایندھن خرید سکیں گے۔ انہوں نے کہا کہ دو اور تین پہیوں والی گاڑیوں کے اہل صارفین ماہانہ چار ٹوکن حاصل کر سکتے ہیں اور ہر ٹوکن پر 500 روپے کی ریلیف (رعایت) کی رقم شامل ہوگی۔ انہوں نے وضاحت کی کہ اگر دو لیٹر پیٹرول کی قیمت 780 روپے ہے، تو 500 روپے کا ریلیف ٹوکن استعمال کرنے کے بعد مستحق صارف کو 280 روپے ادا کرنے ہوں گے۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ تیسری بڑی تبدیلی اس سکیم کے تحت ایس ایم ایس چارجز کا مکمل خاتمہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایس ایم ایس کی سہولت سب کیلئے مفت کر دی گئی ہے، چاہے ان کے پاس 800 سی سی کی گاڑی ہو یا دو یا تین پہیوں والی سواری ہو۔ انہوں نے کہا کہ ان اقدامات کا مقصد اس بات کو یقینی بنانا ہے کہ زیادہ سے زیادہ لوگ اس ریلیف سکیم سے فائدہ اٹھا سکیں اور شہریوں کو درپیش مشکلات کا مسلسل ازالہ کیا جا سکے۔ شزہ فاطمہ خواجہ نے کہا کہ ہفتہ کی سہ پہر بجے تک سکیم کے تحت 17 لاکھ 50 ہزار سے زائد رجسٹریشنز مکمل ہو چکی ہیں جبکہ تقریباً 15 لاکھ ٹوکن جاری کیے جا چکے تھے۔ انہوں نے بتایا کہ پٹرول اسٹیشنوں پر لاکھ 80 ہزار سے زائد ٹوکن پہلے ہی استعمال (ریڈیم) (کیے جا چکے ہیں۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ حکومت رجسٹریشن اور ٹوکن کے استعمال کے اعداد وشمار کی کڑی نگرانی کر رہی ہے جبکہ وزیراعظم شہباز شریف خود اس سکیم کے نفاذ کے عمل کا جائزہ لے رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ نائب وزیراعظم کی سربراہی میں قائم سٹیئرنگ کمیٹی اور ایک عمل درآمد کمیٹی، نفاذ سے متعلقہ مسائل کے حل کیلئے متعلقہ وزارتوں، محکموں، اوگرا، سٹیٹ بینک آف پاکستان اور دیگر اداروں کے ساتھ مل کر کام کر رہی ہیں

بقیہ 4

، فرنٹیئر ریزرو پولیس کے سب انسپکٹر اشتیاق بخاری ساکن کوہاٹ، انسپکٹر صاحب الرحمٰن ساکن بنوں، سی ٹی ڈی کے سب انسپکٹر معظم علی ساکن کرک اور سب انسپکٹر تفیل خان ساکن کوہاٹ سمیت دیگر پولیس اہلکار شامل ہیں۔ واقعے میں ایک ہی خاندان کے متعدد افراد بھی جاں بحق ہوئے جن میں ڈی ایس پی سی ٹی ڈی عصمت اللہ اور ان کے بھائی انسپکٹر نعمت اللہ سمیت بعض دیگر شہداء کا تعلق ایک ہی خاندان سے تھا جبکہ شہری شہداء میں کوہاٹ کے رہائشی لقمان اور ان کے دو کمسن بچے عبداللہ اور اسد اللہ بھی شامل ہیں۔ جاں بحق ہونے والے شہریوں میں اورکزئی سے تعلق رکھنے والے چلڈرن اسپیشلسٹ ڈاکٹر اسرائیل اور خوشحالی بینک کے منیجر اسحاق علی ساکن اورکزئی بھی شامل ہیں۔ پولیس کے مطابق دہشت گردوں کے خلاف جاری طویل اور فیصلہ کن آپریشن کی قیادت کرنے والے ایڈیشنل انسپکٹر جنرل پولیس (سی ٹی ڈی) بھی دستی بم کے حملے میں زخمی ہوئے تاہم زخمی ہونے کے باوجود وہ ریجنل پولیس آفیسر کوہاٹ کے ہمراہ آپریشن کے آخری مرحلے تک فرنٹ لائن پر موجود رہے۔ پولیس اور سکیورٹی ذرائع کے مطابق سپیشل سروسز گروپ (ایس ایس جی) کے کمانڈوز نے ہفتہ کی صبح فیصلہ کن کارروائی کرتے ہوئے پرانی پولیس لائن کی سرکاری عمارت کی بالائی منزل، تہہ خانے اور دیگر تمام حصوں کو کلیئر کر دیا۔ کارروائی کے دوران تمام آٹھ حملہ آوروں کو ہلاک کیے جانے کے بعد تقریباً 18 گھنٹے سے جاری کلیرنس آپریشن اختتام پذیر ہو گیا۔ آپریشن کے دوران پولیس، سی ٹی ڈی اور ایلیٹ فورس کے ساتھ پاک فوج نے دہشت گردوں کے خلاف کارروائی میں حصہ لیا۔ یاد رہے کہ جمعہ کے روز کوہاٹ ہنگو روڈ پر پرانی پولیس لائن کے قریب واقع جامع مسجد میں نماز جمعہ کے دوران اچانک ایک زوردار دھماکہ ہوا جس کی آواز شہر کے مختلف علاقوں میں سنی گئی۔ دھماکے کے فوری بعد یکے بعد دیگرے متعدد دھماکوں اور شدید فائرنگ کی آوازیں سنائی دیں جس سے علاقے میں خوف و ہراس پھیل گیا۔ سوشل میڈیا پر زیرگردش سی سی ٹی وی فوٹیج میں دیکھا جاسکتا ہے کہ کوہاٹ ہنگو روڈ پر پرانی پولیس لائن سے ملحقہ جامع مسجد کے بیرونی حصے کے قریب نماز جمعہ کے دوران ایک سیاہ رنگ کی موٹر کار کھڑی دکھائی دیتی ہے جس کے کچھ ہی دیر بعد مبینہ طور پر بارود سے بھری گاڑی میں زوردار دھماکہ ہوتا ہے۔ پولیس کے مطابق دھماکے کے فوراً بعد مسلح حملہ آوروں نے موقع کا فائدہ اٹھاتے ہوئے پرانی پولیس لائن کے احاطے میں قائم سی ٹی ڈی اور اسپیشل برانچ کی عمارتوں میں داخل ہونے کی کوشش کی اور وہاں موجود پولیس اہلکاروں پر فائرنگ کر دی۔ دھماکے اور فائرنگ کی اطلاع ملتے ہی پولیس، سکیورٹی فورسز، ریسکیو 1122 اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کے اہلکار موقع پر پہنچ گئے اور دہشت گردوں کے خلاف کارروائی شروع کر دی

بقیہ 5

کو مکمل طور پر نمٹا دیا گیا۔ اعلامئے کے مطابق کمیٹی نے انٹرنیٹ کی عدم سہولت والے علاقوں میں ایس ایم ایس کے ذریعے فیول ٹوکنز کے استعمال کی منظوری دے دی۔ کمیٹی اجلاس میں کہا گیا کہ آزاد کشمیر، گلگت بلتستان اور صوبائی حکومتیں ایسے ایندھن اسٹیشنز کی فہرستیں فراہم کریں گی۔ اسحاق ڈار نے کہا کہ غیر فعال ایندھن اسٹیشن کو نظام میں شامل کیا جائے، مستقل طور پر بند اسٹیشنز کی نشاندہی کر کے انہیں فہرست سے خارج کیا جائے۔

بقیہ 6

اجازت نہیں دی جائے گی۔ انہوں نے کہا کہ احتجاج کے معاملے پر کسی قسم کی نرمی نہیں کی جائے گی اور کسی دباؤ کے تحت کوئی مطالبہ تسلیم نہیں کیا جائے گا۔ وفاقی وزیر

اطلاعات کا کہنا تھا کہ اپوزیشن رہنماں سے ملاقاتیں ہوتی رہتی ہیں، تاہم قانون سب کیلئے برابر ہے، اسلام آباد میں پی ٹی آئی کا احتجاج نہیں ہونے دیا جائے گا۔ عطا تارڑ نے خیبر پختونخوا کی صورتِ حال پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ کوہاٹ میں لاشیں پڑی ہیں جبکہ وزیراعلیٰ موجیں کر رہے ہیں، امن و امان کو بہتر بنانا صوبائی حکومت کی ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ تحریک انصاف توڑ پھوڑ کرتی ہے جبکہ جماعت اسلامی کے کارکن پرامن لوگ ہیں، ان کے مطابق جماعت اسلامی کے جلسوں میں بھی پتہ نہیں ٹوٹتا اور دونوں جماعتوں کا ڈی این اے ہی الگ ہے، مجھے نہیں لگتا تحریک انصاف اور جماعت اسلامی اکٹھی ہوں گی

بقیہ 7

سعودی عرب کی حفاظت کیلئے کسی بھی حد تک جانے کیلئے تیار ہے، سعودی عرب کی سلامتی کیلئے ہمارا عزم غیرمشروط ہے، یہ عزم ایک جذباتی، دیرینہ، تاریخی اور اٹوٹ رشتے سے جڑا ہے۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا کسی کو شک و شبہ نہیں ہونا چاہیے پاکستانی عوام سعودی عرب کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں، ہم سعودی عرب کیخلاف ہونے والی کسی بھی جارحیت کا دفاع کرنے کیلئے تیار ہیں، مکہ مشترکہ دفاعی معاہدہ اور اسٹریٹیجک باہمی دفاعی معاہدے موجود ہیں۔ لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف چودھری نے کہا کہ ان معاہدوں کے تحت وعدوں اور عزم کی پاسداری کی جا رہی ہے، پاکستان کی سیاسی و عسکری قیادت مسلسل سعودی قیادت سے رابطے میں ہے۔ انہوں نے کہا کہ اسلام آباد ایم او یو پاکستان کی مسلسل، انتھک اور انتہائی پرخلوص سفارتکاری کے بعد طے پائی، افغان طالبان رجیم سے ایک ہی ٹھوس مطالبہ ہے وہ افغان سرزمین سے پاکستان میں دہشتگردی کو روکے۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا افغانستان سے پاکستان آنے والی ہر تشکیل میں افغان شہری موجود ہوتے ہیں، 80 فیصد کے قریب خودکش بمبار افغان ہیں، افغان طالبان رجیم دوحہ معاہدے کے تحت وعدوں پر عملدرآمد نہیں کرتی تو پاکستان کو اپنے دفاع کا مکمل حق حاصل ہے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں دہشتگردوں کو عوامی حمایت حاصل نہیں، دہشت گرد اپنے نظریے کو بندوق کی نوک کے ذریعے مسلط کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ دہشتگردی کی سرپرستی بھارت کر رہا ہے اور سوشل میڈیا باہر سے چلایا جا رہا ہے۔ ڈی جی آئی ایس پی آر نے کہا کہ ریاست کی پالیسی بالکل واضح ہے دہشتگردوں کے ساتھ کوئی بات چیت نہیں ہوگی۔

بقیہ 8

ٹیلیفونک رابطہ ہوا جس میں دونوں رہنماؤں نے تازہ ترین علاقائی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا۔ ہفتہ کو ترجمان دفتر خارجہ کی جانب سے جاری بیان کے مطابق نائب وزیراعظم نے خاص طور پر ترقی پذیر ممالک اور عالمی سپلائی چینز پر اثرات کو مدنظر رکھتے ہوئے توانائی کی بلا تعطل فراہمی اور بحری جہازوں کی محفوظ اور تیز رفتار آمد ورفت کی اہمیت پر زور دیا۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ بات چیت اور سفارت کاری ہی علاقے میں امن و استحکام کو یقینی بنانے کا واحد قابل عمل ذریعہ ہے۔ دونوں رہنماؤں نے قریبی تعاون برقرار رکھنے اور 81ویں اقوام متحدہ جنرل اسمبلی کے موقع پر نیویارک میں ملاقات کرنے پر اتفاق کیا۔

بقیہ 9

اپوزیشن لیڈر علامہ راجہ ناصر عباس نے صحافی سے گفتگو میں کیا۔ صحافی نے علامہ راجہ ناصر عباس سے سوال کیا کہ کیا اس ہفتے آپ کی محسن نقوی سے ملاقات ہوئی؟ علامہ راجہ ناصر عباس نے تصدیق کی کہ بالکل ملاقات ہوئی ہے، ملاقات میں بانی پی ٹی آئی کے معاملات پر گفتگو ہوئی ہے۔ علامہ راجہ ناصر عباس نے کہا کہ ملاقات میں لانگ مارچ اور بانی پی ٹی آئی سے متعلق معاملات پر بھی تفصیلی گفتگو ہوئی ہے، یہ ملاقات ان کی خواہش پر ہوئی، میں نے کسی سے درخواست نہیں کی تھی۔

بقیہ 10

میں 11 دہشت گردوں کو ہلاک کر کے دہشت گردوں کے مذموم عزائم ناکام بنانا سکیورٹی فورسز کی مؤثر کارروائی اور قومی سلامتی کے تحفظ کے عزم کا مظہر ہے۔ انہوں نے کہا کہ وطن کے بہادر سپوت اپنی جانوں کی پرواہ کیے بغیر دہشت گردی کے خلاف برسرپیکار ہیں، پوری قوم سکیورٹی فورسز کی قربانیوں اور خدمات کو قدر کی نگاہ سے دیکھتی ہے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان نے کہا کہ فتنہ الہندوستان اور فتنہ الخوارج کے خلاف کارروائیاں قومی سلامتی کے تحفظ کیلئے جاری رہیں گی۔ دہشت گردی کے مکمل خاتمے کیلئے ریاستی ادارے اور قوم متحد ہیں اور دہشت گرد عناصر کے مذموم عزائم کو ہر سطح پر ناکام بنایا جائے گا۔ انہوں نے آپریشن ردالفتنہ 3 میں حصہ لینے والے سکیورٹی فورسز کے جوانوں کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ قوم دہشت گردی کے خلاف جنگ میں اپنے بہادر سپوتوں کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔

بقیہ 11

ایک زیادہ سخت منصوبے کے تحت 40,000 فوجیوں کے ساتھ طیارے، بحری جہاز اور اسلحہ بھی واپس بلایا جا سکتا ہے۔ ایک امریکی رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ یہ فیصلہ جرمنی، اٹلی اور اسپین میں موجود امریکی فوجیوں پر لاگو ہوگا جبکہ کچھ فوجیوں کو روس کے قریب مشرقی یورپ منتقل کرنے پر بھی غور کیا جا رہا ہے۔ رپورٹ کے مطابق امریکی محکمہ دفاع نے اس تجویز پر جائزہ جون میں شروع کیا تھا جس کا حتمی فیصلہ نومبر میں متوقع ہے۔ امریکا کی جانب سے یہ اقدام یورپی ممالک کے ساتھ بڑھتی کشیدگی کے باعث سامنے آیا ہے، واشنگٹن یورپی اتحادیوں سے دفاعی اخراجات بڑھانے اور امریکی فوجی کارروائیوں کیلئے اڈے فراہم کرنے کا مطالبہ کرتا رہا ہے۔ یورپ سے بڑے پیمانے پر امریکی فوجی انخلا سے براعظم میں امریکی جوہری اور روایتی دفاعی موجودگی متاثر ہو سکتی ہے جبکہ امریکا کی یورپ میں فوجی طاقت استعمال کرنے کی صلاحیت بھی کم ہوگی، تاہم اگر فوجیوں کو مغربی یورپ سے روس کے قریب مشرقی محاذ منتقل کیا گیا تو اس کے اثرات مختلف ہو سکتے ہیں۔ ادھر یورپی ممالک نے نیٹو کے تحت 2035 تک دفاع پر مجموعی قومی پیداوار کا 5 فیصد خرچ کرنے کا عہد کر رکھا ہے جس میں کم از کم 3.5 فیصد براہ راست دفاعی ضروریات کیلئے مختص ہوگا۔

بقیہ 12

اور اس کی ثالثی کی کوششوں کا احترام کرتے ہیں۔ عرب میڈیا کو انٹرویو میں ذبیح اللہ مجاہد کا کہنا تھا کہ پاک افغان تنازعات حل کروانے میں سعودی عرب سمیت تمام ممالک کی کوششوں کا خیرمقدم کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سعودی عرب سے توقعات ہیں کہ افغانستان اور پاکستان کا دوست ہونے کی حیثیت سے اپنا کردار ادا کرے، سعودی عرب اس معاملے میں مثبت کردار ادا کر سکتا ہے۔ ذبیح اللہ مجاہد کا کہنا تھا کہ افغان عوام کے دل میں بھی سعودی عرب اور دونوں مقدس مساجد کیلئے بہت محبت اور احترام ہے۔ افغان طالبان کے ترجمان نے کہا ہے کہ امید ہے کہ سعودی حکام ثالثی کی اپنی کوششیں مؤثر انداز میں جاری رکھیں گے اور دونوں ملکوں کے درمیان موجود مسائل حل کرنے میں مدد کریں گے۔

بقیہ 13

اور ہمہ جہت شراکت داری میں تبدیل ہو چکے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پاکستان اور چین کے سفارتی تعلقات کے قیام کی 75ویں سالگرہ کے موقع پر Focus Diplomatic کے زیر اہتمام منعقدہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ تقریب میں چین کے سفیر، سفارت کاروں، ارکان پارلیمان، دانشوروں، میڈیا نمائندگان اور دیگر اہم شخصیات نے شرکت کی۔ ڈپٹی چیئرمین سینیٹ نے Focus Diplomatic کے چیف ایگزیکٹو آفیسر میاں فضل الٰہی کا تقریب کے انعقاد اور انہیں شرکت کی دعوت دینے پر شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ ساڑھے سات عشروں کے دوران عالمی اور علاقائی حالات میں نمایاں تبدیلیاں آئیں، تاہم پاکستان اور چین کے تعلقات میں تسلسل اور استحکام برقرار رہا۔ دونوں ممالک نے ایک دوسرے کے خودمختاری، قومی مفادات اور ترقی کے حق کا احترام کیا اور مشکل اوقات میں ایک دوسرے کے ساتھ کھڑے رہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان اور چین کے تعلقات اب صرف حکومتوں اور ریاستی اداروں تک محدود نہیں بلکہ دونوں ممالک کے عوام کے درمیان محبت، اعتماد اور خیرسگالی نے اس رشتے کو مزید مضبوط بنیاد فراہم کی ہے۔ تجارت، سرمایہ کاری، تعلیم، زراعت، صحت، سائنس و ٹیکنالوجی، توانائی، بنیادی ڈھانچے اور عوامی روابط سمیت مختلف شعبوں میں دوطرفہ تعاون کے وسیع امکانات موجود ہیں۔ سیدال خان ناصر نے کہا کہ چین

پاکستان اقتصادی راہداری (CPEC) پاک چین شراکت داری کا ایک اہم مظہر ہے، جس نے رابطہ کاری، توانائی، بنیادی ڈھانچے اور صنعتی تعاون کے نئے امکانات پیدا کیے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مستقبل میں اس تعاون کو مزید وسعت دیتے ہوئے صنعت، زراعت، جدید ٹیکنالوجی، سرمایہ کاری اور روزگار کے نئے مواقع پیدا کرنے پر توجہ مرکوز کرنے کی ضرورت ہے۔ ڈپٹی چیئرمین سینیٹ نے پاک چین تعلقات میں پارلیمانی اور عوامی سفارت کاری کی اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ پارلیمانیں صرف قانون سازی کے ادارے نہیں بلکہ عوام کے جذبات، خواہشات اور امنگوں کی نمائندہ ہوتی ہیں۔ دونوں ممالک کے پارلیمانی وفود کے تبادلے، باہمی ملاقاتیں اور روابط ایک دوسرے کو سمجھنے اور دوطرفہ تعاون کو مزید فروغ دینے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ سفارت کاری صرف سرکاری ملاقاتوں اور سفارتی اداروں تک محدود نہیں ہوتی بلکہ ذرائع ابلاغ، دانشور، کاروباری برادری، جامعات اور معاشرے کے مختلف طبقات بھی اقوام کے درمیان پل کا کردار ادا کرتے ہیں۔ Focus Diplomatic جیسے پلیٹ فارم عوامی سطح پر پاکستان اور چین کے درمیان باہمی افہام وتفہیم کو فروغ دینے، دونوں ممالک کے عوام کو قریب لانے اور تعاون کے نئے راستے تلاش کرنے میں اہم کردار ادا کر سکتے ہیں۔

بقیہ 14

جان داد خان کے جسد خاکی کی صفائی کے دوران شہید کے موبائل فون اور دیگر سامان کے چوری رقم ہونے کے سلسلے میں متعلقہ پولیس اسٹیشن میں درج کرائی گئی تھی۔ گواہ عبدالباقی نے تحقیقاتی کمیشن کو اس واقعے کی ویڈیو فوٹیج بھی فراہم کی۔ علاوہ ازیں، 16 ستمبر 2026 کے ایک حکم کی تعمیل میں ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ نے صوبہ بلوچستان میں مدارس کے ضابطہ کار (ریگولیشن) کے طریقہ کار سے متعلق ایک جامع رپورٹ جمع کرائی۔ جس کے مطابق ڈائریکٹوریٹ جنرل برائے دینی تعلیم، جو وزارتِ وفاقی تعلیم و پیشہ ورانہ تربیت کے ماتحت کام کرتا ہے، بلوچستان میں دینی مدارس کی رجسٹریشن سے متعلق ریکارڈ برقرار رکھنے والا ادارہ ہے، جس سے رجسٹرڈ مدارس کا تصدیق شدہ ریکارڈ حاصل کیا جا سکتا ہے۔ اس پر تحقیقاتی کمیشن نے انچارج افسر، ڈائریکٹوریٹ جنرل برائے دینی تعلیم، ریجنل آفس کوئٹہ کو کمیشن کی معاونت کیلئے کارروائی کی اگلی تاریخ پر ذاتی طور پر پیش ہونے کا حکم دیتے ہوئے ہدایت جاری کی کہ وہ اگلی سماعت پر بلوچستان میں دینی مدارس کی رجسٹریشن کے عمل، مدارس کے ضابطہ کار کے طریقہ کار، بلوچستان میں رجسٹرڈ مدارس کی مصدقہ ضلع وار تفصیلات، اور اس بابت تصدیق، فنڈنگ اور نگرانی کے طریقہ کار کے بارے میں ایک جامع رپورٹ بھی جمع کرائیں۔ مزید براں، حکومت بلوچستان کی جانب سے زیارت واقعہ کے شہداء کے لواحقین کیلئے اعلان کردہ شہداء معاوضہ پیکیج کی فراہمی کے بارے میں تحقیقاتی کمیشن کے استفسار پر شہداء کے لواحقین کی نمائندگی کرنے والے وکیل حبیب اللہ خان ناصر نے بتایا کہ اعلان کردہ معاوضہ پیکیج اب تک کسی بھی خاندان کو فراہم نہیں کیا گیا ہے۔ اس موقع پر ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ نے آگاہ کیا کہ تمام شہداء کے خاندانوں کے معاوضے کی ادائیگی کے احکامات پہلے ہی جاری کیے جا چکے ہیں اور اگر اس سلسلے میں کسی کو بھی کوئی مسئلہ درپیش ہو تو وہ اس کے حل کیلئے ان کے دفتر سے رجوع کر سکتا ہے۔ لہٰذا، تحقیقاتی کمیشن نے ایڈیشنل ایڈووکیٹ جنرل کو ہدایت جاری کی کہ وہ زیارت واقعہ کے شہداء کے لواحقین کیلئے اعلان کردہ شہداء پیکیج کی ادائیگی اور نفاذ سے متعلق مسائل کے حل کیلئے نسیم اللہ اور عزت اللہ، (شہداء کے لواحقین کے نمائندگان)، اور ایڈیشنل چیف سیکرٹری داخلہ کے درمیان رابطہ قائم کروائیں، تاکہ اس معاملے کی فوری پیروی ہو سکے۔

بقیہ 15

11 دہشتگردوں کو ہلاک کر دیا گیا، پنجگور کے علاقے گوارگو میں سکیورٹی فورسز کی کارروائی میں 5 دہشت گرد ہلاک ہوئے جن کے قبضے سے بڑی تعداد میں اسلحہ اور گولہ بارود برآمد ہوا ہے۔ سکیورٹی فورسز نے چاغی کے علاقے امین آباد اور سیاہ چنگ میں بھی دہشت گردوں کے خلاف مؤثر کارروائیاں کیں جہاں 6 دہشت گرد ہلاک ہوئے۔ ہلاک دہشت گردوں کے قبضے سے بڑی تعداد میں اسلحہ اور گولہ بارود برآمد ہوا ہے۔ سکیورٹی ذرائع نے بتایا کہ فورسز نے چاغی کے علاقے امین آباد اور سیاہ چنگ میں دہشت گردوں کے خلاف موثر کارروائیاں کیں جہاں ہلاک دہشت گردوں کے قبضے سے بڑی مقدار میں اسلحہ اور گولہ بارود بھی برآمد کیا گیا۔

بقیہ 16

اللہ کے گھر پر حملہ کر کے نماز ادا کرنے والے بے گناہ مسلمانوں کو شہید نہیں کر سکتا۔ مساجد عبادت، امن اور اللہ تعالیٰ کے ذکر کے مقدس مقامات ہیں۔ مسجد میں نمازِ جمعہ کے دوران معصوم نمازیوں کو سفاکانہ انداز میں نشانہ بنانے والے عناصر مسلمان تو در کنار، انسان کہلوانے کے بھی مستحق نہیں۔ سینیٹر محمد عبدالقادر نے کہا کہ اسلام عبادت گاہوں، انسانی جان اور بے گناہ شہریوں کے تحفظ کا درس دیتا ہے۔ دہشت گردوں کا مسلمانوں اور مسجدوں پر حملہ کرنا اس بات کا واضح ثبوت ہے کہ ان کا دین، مذہب اور انسانیت سے کوئی تعلق نہیں۔ ایسے عناصر کو اسلام اور مسلمانوں کا نام استعمال کرنے کی ہرگز اجازت نہیں دی جا سکتی۔ انہوں نے مزید کہا کہ حکومت کو محض مذمت تک محدود رہنے کے بجائے حملے کے سہولت کاروں، مالی معاونین، منصوبہ سازوں اور پورے دہشت گرد نیٹ ورک تک پہنچنا ہوگا۔

بقیہ 17

کے بہتر مواقع فراہم کرنے پر توجہ دی جا رہی ہے۔ میر ظہور بلیدی نے کہا کہ معیاری صحت اور تعلیم تک عوام کی رسائی اور باوقار روزگار کے مواقع پائیدار ترقی اور خوشحال بلوچستان کی بنیاد ہیں۔ انہوں نے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی جانب سے میر غلام قادر بگٹی میموریل ہسپتال بائیکر میں 100 بڑی سرجریز مکمل ہونے سے متعلق سوشل میڈیا پوسٹ کا حوالہ دیتے ہوئے اس پیش رفت کو بلوچستان کے دور دراز علاقوں میں طبی سہولیات کی فراہمی کے تناظر میں اجاگر کیا۔ میر غلام قادر بگٹی میموریل ہسپتال بائیکر میں ایمرجنسی اور پیچیدہ نوعیت کے کیسز سمیت 100 بڑی سرجریز مکمل ہونے کی اطلاع بھی حالیہ رپورٹ میں سامنے آئی ہے۔ وزیر منصوبہ بندی و ترقیات نے کہا کہ دور دراز علاقوں میں صحت کی معیاری سہولیات کی فراہمی سے عوام کو علاج کیلئے طویل سفر کی مشکلات سے نجات ملنے میں مدد مل سکتی ہے۔ ہسپتال میں خصوصی طبی و جراحی خدمات کی دستیابی کے حوالے سے بھی متعلقہ اداروں نے پیش رفت رپورٹ کی ہے۔ صوبائی وزیر نے کہا کہ صحت، تعلیم اور باعزت روزگار تک رسائی پائیدار ترقی کی بنیاد ہے۔

بقیہ 18

مزدور کسان طالب علم اور تاجر کی آواز ہے۔ بارڈر کی بندش اور ٹوکن سسٹم کے باعث لاکھوں خاندان شدید معاشی مشکلات کا شکار ہیں۔ اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ مکران کی معیشت کا بڑا دارومدار بارڈر تجارت پر ہے لیکن گزشتہ کئی ماہ سے بارڈر کی بندش اور ٹوکن سسٹم کے باعث کاروباری سرگرمیاں شدید متاثر ہوئی ہیں۔ اس صورتحال سے بارڈر سے وابستہ بڑی تعداد میں لوگوں کا روزگار متاثر ہوا ہے اور کئی خاندان نان شبینہ کے محتاج ہو گئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ایک طرف لوگ بے روزگاری اور معاشی مشکلات کے باعث فاقوں پر مجبور ہیں تو دوسری جانب ضلع کیچ میں چوری ڈکیتی موٹر سائیکل چھیننے گھروں میں وارداتوں فائرنگ اور اغوا برائے تاوان کے واقعات نے عوام کا جینا دوبھر کر دیا ہے۔ شہریوں میں شدید عدم تحفظ پایا جاتا ہے جبکہ پولیس اور انتظامیہ کی کارکردگی سے عوام مطمئن نہیں۔ انہوں نے کہا کہ نیشنل پارٹی کا ہمیشہ سے موقف رہا ہے کہ قومی اور عوامی مفادات کو ذاتی اور سیاسی مفادات پر ترجیح دی جائے۔ اسی سوچ کے تحت 20 ستمبر کے احتجاج میں تمام سیاسی جماعتوں طلبہ تنظیموں مزدور یونینز وکلا تاجر برادری اور سول سوسائٹی کو مشترکہ عوامی ایجنڈے پر متحد ہو کر جدوجہد کی دعوت دی گئی ہے۔ ان مسائل کے حل کیلئے احتجاج کا راستہ آئینی جمہوری اور پرامن طریقہ ہے اور عوام کو اپنے حقوق کیلئے آواز بلند کرنے کا مکمل حق حاصل ہے۔ انہوں نے کہا کہ کیچ میں دو سال سے زائد عرصہ گزرنے کے باوجود بارڈر کاروبار انتہائی محدود ہے۔ صورتحال ایسی ہے کہ اسے عملاً بند قرار دیا جائے تو غلط نہ ہوگا۔ بارڈر سے وابستہ ہزاروں خاندانوں کے روزگار کا انحصار اسی کاروبار پر ہے اور اس کی بندش نے مقامی معیشت کو شدید متاثر کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ضلع میں

آئے روز چوری ڈکیتی اور فائرنگ کے واقعات پیش آ رہے ہیں جس کے باعث کوئی بھی شہری خود کو محفوظ محسوس نہیں کرتا۔ امن وامان کی صورتحال سے عوام تنگ آ چکے ہیں اور حکومت وضلعی انتظامیہ کی جانب سے ان مسائل کے حل کیلئے کوئی مؤثر اقدامات نظر نہیں آ رہے

بقیہ 19

پاکستان افغانستان سے سرگرم مسلح گروہوں کے خلاف کارروائی اور سرحدی سکیورٹی کا مطالبہ کرتا رہا ہے۔ بین الاقوامی میڈیا کے مطابق ترکیہ اور قطر ایک بار پھر پاکستان اور طالبان کے درمیان کشیدگی کم کرنے میں کردار ادا کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔

بقیہ 20

تیل برآمد کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔ سرکاری خبر رساں ایجنسی کے مطابق پاسدارانِ انقلاب کے نائب سیاسی کمانڈر عزیز غفنفری نے ایک بیان میں کہا کہ اگر ایران سے تیل برآمد نہیں کیا جائے گا تو کسی دوسرے ملک سے بھی تیل برآمد نہیں کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ آبنائے ہرمز پاسدارانِ انقلاب کی بحری افواج کی مکمل نگرانی میں ہے اور ایران کو اپنی سلامتی اور روک تھام کی صلاحیت مضبوط بنانے کیلئے اس آبی گزرگاہ پر اپنا کنٹرول مزید بڑھانا چاہیے۔ عزیز غفنفری نے کہا کہ اگر ایران غیر محفوظ ہوگا تو خطے میں کوئی مقام محفوظ نہیں رہے گا اور اگر ایران کے عوام عدم تحفظ میں زندگی گزاریں گے تو خطے کے عوام بھی عدم تحفظ میں رہیں گے۔ پاسدارانِ انقلاب کے نائب سیاسی کمانڈر عزیز غفنفری نے ایک اور بیان میں کہا کہ خطے میں موجود تمام امریکی اڈے ناقابلِ استعمال بنا دیے گئے ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ ان اڈوں کا مقصد خطے کے ممالک اور امریکا کی سلامتی کو یقینی بنانا تھا، لیکن اب انہیں ملبے کے ڈھیروں میں تبدیل کر دیا گیا ہے۔

بقیہ 21

ایس ایچ او اے ایس آئی گل شاہ چاغی بازار میں اپنی گاڑی میں اکیلے موجود تھے۔ اس دوران چار نامعلوم مسلح افراد بس اڈہ پہنچے، مسلح افراد اے ایس آئی گل شاہ کو مبینہ طور پر اپنے ساتھ گاڑی میں بٹھا کر نامعلوم مقام کی جانب روانہ ہو گئے۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی پولیس اور دیگر قانون نافذ کرنے والے اداروں کے اہلکار موقع پر پہنچ گئے، جبکہ مغوی پولیس آفیسر کی بازیابی کیلئے کوششیں جاری ہیں۔

بقیہ 22

انہوں نے اساتذہ پر زور دیا کہ وہ محنت، خلوص اور احساس ذمہ داری کے ساتھ طالبات کی تعلیم و تربیت پر خصوصی توجہ دیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گورنمنٹ گرلز انٹر کالج سربندن میں طالبات کے اعزاز میں منعقدہ پروقار استقبالیہ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر انہوں نے طالبات کیلئے ایک ہفتے کے اندر کمپیوٹرز فراہم کرنے، یونیفارم کیلئے نقد معاونت دینے اور کتب کی فراہمی کیلئے ضروری انتظامات کرنے کا اعلان بھی کیا۔ رکن صوبائی اسمبلی نے کہا کہ دور افتادہ علاقوں کی طالبات کو معیاری تعلیم کے مواقع فراہم کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے، اس مقصد کیلئے تعلیمی اداروں کو درکار سہولیات کی فراہمی اور طالبات کے مسائل کے حل کیلئے ہر ممکن تعاون جاری رکھا جائے گا۔ تقریب کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا، جس کے بعد طالبات نے حمد و نعت پیش کی۔ تقریب کی میزبانی اور مختلف پروگرامز میں طالبات نے بھرپور حصہ لیا، جبکہ طالبات نے تقاریر کے ذریعے تعلیم کی اہمیت، خواتین کی تعلیم اور معاشرے کی ترقی میں تعلیم یافتہ خواتین کے کردار پر اپنے خیالات کا اظہار کیا اس موقع پر طالبات نے سربندن جیسے دور افتادہ علاقے میں گرلز انٹر کالج کے قیام کو بچیوں کیلئے اعلیٰ تعلیم کے حصول کی جانب اہم پیش رفت قرار دیا اور کالج کے قیام، مسائل کے حل اور ضروری سہولیات کی فراہمی میں مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ کی دلچسپی اور عملی اقدامات کو سراہا

بقیہ 23

وزیر گائیڈو کروزیتو نے تصدیق کرتے ہوئے کہا کہ حوثی حملے میں لڑاکا طیارے کو نقصان پہنچا ہے تاہم کسی فوجی اہلکار کے زخمی ہونے کی اطلاع موصول نہیں ہوئی اور نہ ہی طیارے کے ساتھ موجود دیگر اثاثوں یا مقامی بنیادی ڈھانچے کو شدید نقصان پہنچا ہے۔ وزارتِ دفاع کے مطابق حملے کے وقت طیارہ ایئربیس کے ایک دور دراز اور مرکزی تنصیب سے الگ حصے میں موجود تھا۔ دھماکے کے شدید اثرات کے باوجود حفاظتی پروٹوکولز کے باعث علاقائی دفاعی کارروائیوں کیلئے وہاں تعینات اہلکار محفوظ رہے۔ دفاعی حکام نے واقعے کے فوراً بعد صورتحال کا جائزہ لینے اور فوجی اہلکاروں کے تحفظ کے اقدامات کو برقرار رکھنے کیلئے آپریشنل جائزہ شروع کر دیا ہے

بقیہ 24

علاقے تاریکی میں ڈوب گئے پولیس کے مطابق پھچی صدر پولیس تھانہ ڈھاڈر کی حدود میں سی گریڈ اسٹیشن سے ڈھاڈر و دیگر علاقوں کو بجلی کی جانے والی 132 کے وی کے دو ٹاورز کو نامعلوم مسلح افراد نے دھماکہ خیز مواد سے اڑا دیا گیا جس سے ڈھاڈر سمیت بیشتر علاقے مکمل تاریکی میں ڈوب گئے واقعے کی اطلاع پر پولیس اور سکیورٹی فورسز جائے وقوع پر پہنچ کر علاقے کا محاصرہ کر کے سرچ آپریشن شروع کر دی گئی۔

بقیہ 25

جاری ہیں، جس کیلئے کنٹینرز کی ویلڈنگ کی جا رہی ہے۔ اس حوالے سے بتایا گیا کہ ویلڈنگ کرنے سے کنٹینرز کو ان کی جگہ سے ہٹانا مشکل ہو جائے گا، کنٹینرز کی دیواریں بنا کر ان کے پیچھے بھی کنٹینرز رکھے جا رہے ہیں۔ وفاقی پولیس کو ہدایت کی گئی ہے کہ مظاہرین کسی صورت بھی ریڈزون میں داخل نہ ہونے پائیں۔ یاد رہے کہ ماضی میں مظاہرین کنٹینرز ہٹا کر ریڈزون میں داخل ہو گئے تھے تاہم اب ویلڈنگ کے عمل سے کنٹینرز کو اپنی جگہ سے ہٹانا مشکل ہو جائے گا۔

بقیہ 26

اس موقع پر حلقہ انتخاب سے آئے ہوئے عمائدین اور عوام نے صوبائی وزیر سردارزادہ فیصل خان جمالی کو اپنے علاقوں میں درپیش مختلف بنیادی مسائل سے آگاہ کیا اور عوامی مشکلات کے حل کے لیے فوری توجہ دینے کی درخواست کی۔ انہوں نے علاقے میں بنیادی سہولیات، ترقیاتی کاموں اور دیگر عوامی نوعیت کے مسائل کے حوالے سے بھی صوبائی وزیر کو تفصیلی بریفنگ دی۔ صوبائی وزیر لائیو اسٹاک سردارزادہ فیصل خان جمالی نے عوامی مسائل اور شکایات کو غور سے سنا اور متعلقہ حکام کو ہدایات جاری کرتے ہوئے کہا کہ عوام کو درپیش جائز مسائل کے حل کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ عوامی خدمت اور حلقے کی ترقی ان کی ترجیحات میں شامل ہے، عوامی مسائل کے حل میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی، سردارزادہ فیصل خان جمالی نے کہا کہ حلقہ انتخاب کے عوام سے مسلسل رابطہ رکھا جا رہا ہے اور ان کی تجاویز و شکایات کو ترجیحی بنیادوں پر متعلقہ اداروں تک پہنچایا جا رہا ہے

بقیہ 27

طور پر 9,193 ٹیمیں تشکیل دے دی گئی ہیں انہوں نے بتایا کہ مہم میں 621 فکسڈ سائٹ ٹیمیں بھی حصہ لیں گی، جبکہ 392 ٹرانزٹ پوائنٹ ٹیمیں صوبے کے اہم آمد و رفت اور نقل و حرکت کے مقامات پر بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائیں گی۔ سات روزہ مہم کے دوران صوبے کے 32 اضلاع میں انسداد پولیو سرگرمیاں جاری رہیں گی، جن میں بارکھان، چاغی، ڈیرہ بگٹی نارتھ، ڈیرہ بگٹی ساؤتھ، دکی، گوادر، حب، جعفرآباد، جھل مگسی، قلات، کیچ، خضدار، قلعہ سیف اللہ، لسبیلہ، لورالائی، موسیٰ خیل، نصیرآباد، نوشکی، سبی، شیرانی، صحبت پور، اوستہ محمد، وڈھ، ژوب، زیارت، کوئٹہ ایسٹ، کوئٹہ ویسٹ، قلعہ عبداللہ، مستونگ، بارشور، پشین اور چمن شامل ہیں۔ ماحولیاتی نمونوں کے مطابق اگست کے دوران بلوچستان میں پولیو وائرس کے دو مثبت ماحولیاتی نمونے سامنے آئے، جن میں ایک چمن اور دوسرا ژوب سے رپورٹ ہوا۔ ای او سی کوآرڈینیٹر انعام الحق نے بتایا کہ ماحولیاتی نمونوں میں پایا جانے والا وائرس بلوچستان کا مقامی وائرس نہیں بلکہ اس کا تعلق پڑوسی صوبے اور افغانستان سے ہے۔

بقیہ 28

نے شہریوں کا جینا حرام کر دیا علاقہ مکین کئی گھنٹے شدید گرمی اور مچھروں کی بھنبھناہٹ میں رات گزارنے پر مجبور رہے۔ تفصیلات کے مطابق ضلع حب کے سب ڈویژن وندر کے مین گریڈ اسٹیشن ہاؤس میں ٹرانسفارمر کی خرابی کے باعث شہر کے مغربی حصے کے متعدد گنجان آباد

علاقوں میں 30 گھنٹوں سے زائد بجلی کی فراہمی معطل رہنے پر علاقہ مکینوں کا شدید غم و غصے کا اظہار۔ اس حوالے سے علاقہ مکینوں کا کہنا ہے کہ ایک جانب دن کے اوقات میں شدید گرمی اور حبس نے پہلے ہی پریشان کر رکھا ہے دوسری جانب رات کے وقت بجلی کی عدم فراہمی کے باعث نہ پنکھے چل سکے نہ ہی بن بلائے مہمان مچھروں نے نیند پوری کرنے کی دی جس کے باعث علاقہ مکین رات جاگ کر گزارنے مجبور رہے۔ علاقہ مکینوں نے الزام عائد کیا ہے کہ گریڈ اسٹیشن میں مستقل انچارج کی تعیناتی نہ ہونے کی وجہ سے الیکٹرک کے سینٹر انچارج کو عارضی طور پر اضافی چارج سونپا گیا ہے تاہم علاقہ مکینوں کا یہ بھی الزام ہے کہ عارضی انچارج کی مبینہ نااہلی اور عدم توجہی کے باعث بجلی کی خرابیوں کے بروقت ازالے اور صارفین کی شکایات کے حل میں سنجیدگی کا مظاہرہ نہیں کیا گیا جبکہ علاقہ مکینوں کی جانب سے یہ شکایات بھی ہیں کہ رات کے اوقات میں سینٹر انچارج اور عملہ گریڈ اسٹیشن ہاؤس میں موجود نہیں رہتا اور مبینہ طور پر چوکیدار کے علاوہ گریڈ اسٹیشن ہاؤس خالی پڑا رہتا ہے جس کے باعث بجلی کی خرابی کی صورت میں علاقہ مکینوں کو فوری شکایات کے ازالے اور متعلقہ عملے تک رسائی میں شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے

بقیہ 29

اظہار اس سے ہوتا ہے کہ سپریم کورٹ کے سینئر معزز جج جسٹس نعیم افغان نے عدالت میں بیٹھے ہوئے ایڈیشنل اٹارنی جنرل کی موجودگی میں جب فریقین کے وکلاء سے پوچھا گیا کیا ایمان مزاری کے خلاف کوئی اور چھپی ہوئی ایف آئی آر تو موجود نہیں مگر بڑے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ ایڈیشنل اٹارنی جنرل نے مکمل خاموشی اختیار کیے رکھا اور اس کے اس عمل پر سپریم کورٹ کے قوائد و ضوابط کے مطابق توہین عدالت کی کاروائی کی جاسکتی ہے ویسے بھی حکومت وقت اور اسٹیبلشمنٹ ایک سوچے سمجھے منصوبے کے تحت ڈاکٹر ماہ رنگ بلوچ، ایمان مزاری اور ڈاکٹر یاسمین راشد جیسے عورت ذات سیاسی رہنماؤں کے خلاف اس طرح کے اقدامات قابل مذمت ہے

بقیہ 30

ہال میں نیشنل رول سپورٹ پروگرام کی جانب سے دیگ ء بریفنگ میں اظہار خیال کرتے ہوئے کہی کمشنر لسبیلہ ڈویژن نے کہا کہ 2022 کے سیلاب میں جن متاثرین کے گھر سیلاب کی نذر ہوئے انکے گھروں کی بحالی پراجیکٹ میں کسی بھی سطح پر کوتاہی برداشت نہیں کی جائیگی گڈ گورننس کے حوالےسے وزیر اعلیٰ سرفراز بگٹی کی قیادت میں حکومت بلوچستان کا وژن واضح ہے ڈسٹرکٹ منیجر این آر ایس پی جہانگیر بلوچ نیلمشنر کو بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ پی ڈی ایم اے کی جانب سے 18815 سیلاب متاثرہ خاندانوں کے لیسٹ فہرستیں فراہم کی گئیں پہلے مرحلے میں فیز ون میں 6200 گھروں کی تعمیر کے منصوبے کی منظوری دی گ ء ہیلسبیلہ میں منصوبے کے تحت ابتک 3300 سنگل کمروں کے گھر تعمیر کئے گئے ہیں جبکہ آواران میں منظور شدہ 527 ہاؤسز میں 300 سنگل کمروں کے گھر تعمیر کئے گئے ہیں انہوں نے بتایا کہ این آر ایس پی 2225 کمیونٹی بیس آرگنائزیشن کے اشتراک سے ڈسٹرکٹ لسبیلہ میں کام کر رہی ہے 22 یونینز میں 21 وومن ریسورس سینٹر قائم کئے گئے ہیں لسبیلہ ڈویژن میں کمیونٹی انسٹی ٹیوشن پلاننگ اینڈ کپیسٹی بلڈنگ پرنیشنل رورل سپورٹ پروگرام کام کر رہی ہے بریفنگ میں بتایا گیا کہ گرانٹ این ایڈ کے تحت پست معیار زندگی گزارنے والے 6730 خاندانوں کو مال مویشی فراہمی کیلئے مالی امداد دی گئی ہے

بقیہ 31

محفوظ رکھا جاسکتا ہے انہوں نے اس موقع پر والدین پر زور دیا کہ وہ اپنے پانچ سال سے کم تمام بچوں کو ہر پولیو مہم کے دوران پولیو سے بچاؤ کے قطرے لازمی پلوائیں تاکہ بچوں کو عمر بھر کی معذوری سے محفوظ رکھا جا سکے انہوں نے پولیو ٹیموں کو ہدایت کی کہ مہم کے دوران ضلع بھر کے تمام علاقوں دیہی و دور دراز علاقوں اور آبادیوں تک رسائی یقینی بنائی جائے اور کوئی بھی بچہ پولیو کے حفاظتی قطروں سے محروم نہ رہے انہوں نے فیلڈ ٹیموں کی کارکردگی کی مؤثر نگرانی ٹیموں کی بروقت روانگی اور گھر گھر جا کر بچوں کو قطرے پلانے کے عمل کو یقینی بنانے پر بھی زور دیا ڈپٹی کمشنر نے کہا کہ پولیو کے خاتمے کے لیے ضلعی انتظامیہ محکمہ صحت والدین اساتذہ علماء کرام اور معاشرے کے تمام طبقات کو اپنا بھرپور کردار ادا کرنا ہوگا انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ پولیو ٹیموں کے ساتھ مکمل تعاون کریں اور اپنے بچوں کو ہر بار پولیو سے بچاؤ کے قطرے ضرور پلوائیں کیونکہ بچوں کا محفوظ اور صحت مند مستقبل ہم سب کی مشترکہ ذمہ داری ہے اس لیے انسدادِ پولیو مہم کو کامیاب بنانے کے لیے کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی

بقیہ 32

ایل ایف (BLF) سے تھا، جنہوں نے پہلے ان کے بھائی کو تنظیم میں شامل کیا۔ شوہر کی وفات کے بعد بھائی اور اس کے ساتھیوں نے مجھے ورغلا کر اپنے ساتھ ملا لیا اور میں نے تنظیم کے لیے کام کرنا شروع کر دیا۔ خدیجہ نے بتایا کہ کوئٹہ سے حراست میں لیے جانے کے بعد انہیں اپنی غلطی کا سے احساس ہوا اور وہ اپنے کیے پر شدید شرمندہ ہیں۔ دوسری خاتون ضلع واشک کے علاقے بسیمہ کی رہائشی صفیہ عبدالخالق نے بتایا کہ ان کا کزن اسرار کالعدم بی ایل اے سے منسلک تھا، اسی نے انہیں تنظیم کا حصہ بنایا۔ صفیہ نے بتایا کہ ان کی پاکستان کے خلاف ذہن سازی کی گئی اور ملک کے خلاف بھڑکایا گیا۔ جاتون نے انکشاف کیا کہ بی ایل اے کے کیپٹن رحمان (عرف مرید) نے انہیں نیا موبائل فون لے کر دیا بعد میں انہیں خودکش حملے کے لیے گاڑی چلانے کی تربیت بھی فراہم کی، جس کے بعد وہ گرفتار ہو گئیں۔ دونوں خواتین نے کالعدم تنظیموں کے ساتھ تعلق پر شدید ندامت کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ یہ تنظیمیں بچیوں کو ورغلا کر ان کے جذبات سے کھیلتی ہیں۔ انہوں نے دوسری لڑکیوں سے اپیل کی کہ وہ کسی صورت ان کے بہکاوے میں نہ آئیں پریس کانفرنس کے اختتام پر صفیہ نے واضح کیا کہ وہ اس وقت اپنے خاندان کے ساتھ ہیں اور ان پر کسی کا کوئی دباؤ نہیں ہے۔ خدیجہ کے والد اور صفیہ کی والدہ پریس کانفرنس میں موجود تھے

بقیہ 33

دودھ تلف کیا گیا۔ 360 کلو دہی چیک، ملاوٹ و ناقص معیار پر 200 کلو دہی بھی تلف کر دی گئی موبائل لیبارٹریز کے ذریعے موقع پر دودھ کے معیار کی جانچ، تلف کردہ دودھ دہی میں پانی کی ملاوٹ اور اسکمڈ ملک کی ملاوٹ ثابت دودھ میں 10 فیصد، 14 فیصد، 20 فیصد اور 37 فیصد تک پانی کی ملاوٹ سمیت اسکمڈ ملک کے کیسز سامنے آئے مراکز کے خلاف کارروائیوں کی وجوہات میں بغیر لائسنس کے کاروبار، ناقص صفائی، دودھ کے آلودہ کین، غیر مناسب اسٹوریج اور حفظانِ صحت کے اصولوں کی خلاف ورزی بھی شامل ہے واضح رہے کہ صوبائی وزیر و چیئرمین بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی ہدایات پر ملاوٹی و غیر صحت بخش دودھ دہی کے فراہمی کے خلاف بلوچستان فوڈ اتھارٹی کی خصوصی مہم گزشتہ تین روز سے مسلسل جاری ہے

بقیہ 34

اقبال نورزئی، پولیو فوکل پرسن وحید بلوچ، عبدالفتاح دہوار۔ ٹی ایس اے ڈبلیو ایچ او قلات عمیر احمد، نکری عبدالمالک اور پی ایچ آئی کے اسسٹنٹ غلام فاروق نے بھی بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے اور فنگر مارکنگ کی۔ ڈپٹی ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر محمد اقبال نورزئی نے ڈپٹی کمشنر قلات کو چار روزہ پولیو مہم کے حوالے سے بریفنگ دیتے ہوئے بتایا کہ پولیو مہم 21 ستمبر 2026 سے شروع ہو کر 24 ستمبر 2026 تک جاری رہے گی۔ مہم کے دوران ضلع قلات کی 19 یونین کونسلز میں پانچ سال تک کی عمر کے 269,40 بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ ڈپٹی کمشنر قلات انجینئر عائشہ زہری نے کہا کہ پولیو ٹیمیں گھر گھر جا کر پانچ سال تک کی عمر کے تمام بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے کو یقینی بنائیں

بقیہ 35

کار سمیت مختلف تعلیمی امور کو عصری تقاضوں سے ہم آہنگ کرنے سے متعلق اہم فیصلے کیے گئے۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر عبدالصبور نے واضح کیا کہ ملحقہ کالجوں میں تعلیمی معیار کو برقرار رکھنا جامعہ تربت کی اولین ترجیح ہے اور ایچ ای سی فریم ورک کے مطابق کوالٹی ایشورینس اور تعلیمی قواعد و ضوابط پر عملدرآمد ہر صورت یقینی بنایا جائے گا۔ ان اہداف کے حصول کے لئے اجلاس نے قابل اساتذہ، جدید تدریسی طریقہ کار، عصری

نصاب اور مضبوط بنیادی ڈھانچے کی اہمیت کے علاوہ ملحقہ کالجوں، صوبائی محکمہ تعلیم اور جامعہ تربت کی انتظامیہ کے درمیان موثر ورکنگ ریلیشن شپ اور باہمی رابطہ بڑھانے کی ضرورت پر زور دیا۔ یونیورسٹی ترجمان کے مطابق، وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر گل حسن نے الحاق کمیٹی کے اجلاسوں کی بروقت انعقاد کو سراہتے ہوئے کہا کہ ملحقہ کالجوں میں جدید ٹیکنالوجی اور کوالٹی ایشورنس کے فروغ کے لئے رہنمائی فراہم کرنا یونیورسٹی کے اسٹریٹیجک پلان 2030 کا اہم حصہ ہے

بقیہ 36

100 بڑی سرجریز کی کامیاب تکمیل دور دراز علاقوں میں طبی سہولیات کی فراہمی کے حوالے سے اہم پیش رفت ہے۔ ہسپتال میں 24 گھنٹے آپریشن تھیٹر فعال ہے جہاں مریضوں کو ہنگامی اور خصوصی جراحی کی سہولیات فراہم کی جا رہی ہیں۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے بیکڑ کے میر غلام قادر بگٹی میموریل ہسپتال میں 100 بڑی سرجریز کی تکمیل پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ اہم سنگ میل دور دراز علاقوں میں طبی سہولیات کی بہتری اور صحت کے شعبے میں اصلاحات کے ثمرات کا مظہر ہے۔ سماجی رابطے کی سائٹ ایکس پر اپنے ایک پیغام میں وزیراعلیٰ نے کہا کہ مقامی سطح پر جراحی کی سہولیات دستیاب ہونے سے دور دراز علاقوں کے مریضوں کو علاج کیلئے طویل فاصلہ طے کر کے بڑے شہروں کا رخ نہیں کرنا پڑ رہا، جس سے انہیں بروقت اور ضروری طبی سہولیات ان کے اپنے علاقے کے قریب میسر آ رہی ہیں۔ میر سرفراز بگٹی نے کہا کہ بلوچستان کے دور دراز علاقوں کے عوام کو ان کے قریب معیاری طبی سہولیات کی فراہمی حکومت کی ذمہ داری ہے

بقیہ 37

ہائیر سیکنڈری سکول ہتھیاری تحصیل گدر کے مرکزی شہر میں قائم اہم تعلیمی اداروں میں شمار ہوتا ہے، جہاں علاقے کے طلبہ کو معیاری تعلیم کی فراہمی کے لیے اساتذہ اور انتظامیہ اپنی ذمہ داریاں ادا کر رہے ہیں، محمد بلال ریکی کی جانب سے باقاعدہ طور پر چارج سنبھالنے کے بعد والدین، طلبہ اور اہل علاقہ نے امید ظاہر کی ہے کہ اسکول میں تعلیمی سرگرمیوں کو مزید منظم اور مؤثر بنانے کے لیے عملی اقدامات کیے جائیں گے، اس موقع پر محمد بلال ریکی نے اس عزم کا اظہار کیا کہ طلبہ کی تعلیمی بہتری، نظم و ضبط، حاضری اور اسکول کے مجموعی تعلیمی ماحول کو بہتر بنانے کے لیے تمام دستیاب وسائل بروئے کار لائے جائیں گے

بقیہ 38

کیئر سنٹر کی سرگرمیوں اور جاری تربیتی پروگرام کا جائزہ لیا محکمہ صحت کے افسران نے بتایا کہ ہیلتھ کیئر سنٹر کے تربیتی پروگرام کا پہلا بیچ اپنی تربیت مکمل کر چکا ہے، جو طالبات کو صحت کے شعبے میں بنیادی عملی مہارتیں اور مستقبل میں پیشہ ورانہ مواقع فراہم کرنے کی جانب اہم پیش رفت ہے محکمہ صحت کے حکام نے ہیلتھ کیئر سنٹر کے اقدامات کو سراہتے ہوئے یقین دہانی کرائی کہ تربیت مکمل کر کے سرٹیفکیٹ حاصل کرنے والی طالبات کو پالیسی کے مطابق نرسنگ ٹیچنگ ہسپتال میں داخلے اور مزید پیشہ ورانہ تربیت کیلئے ہر ممکن سہولت اور تعاون فراہم کیا جائے گا

بقیہ 39

کیلئے ضروری ہے کہ وہ بلوچستان ریونیو اتھارٹی کے ساتھ اپنی رجسٹریشن مکمل کریں اور قانون کے مطابق سیلز ٹیکس آن سروسز کی تعمیل کو یقینی بنائیں۔ BRA ٹیم نے ریسٹورنٹس کو پوائنٹ آف سیل (POS) سسٹم کو بلوچستان ریونیو اتھارٹی کے پورٹل کے ساتھ مربوط کرنے، تمام متعلقہ سیلز کی باقاعدہ انوائسز جاری کرنے اور کاروباری و ٹیکس ریکارڈ کو محفوظ رکھنے کے حوالے سے بھی تفصیلی آگاہی فراہم کی، تاکہ مستقبل میں قانون کے تحت درکار معلومات اور ریکارڈ با آسانی پیش کیے جا سکیں۔ اس موقع پر BRA ٹیم نے واضح کیا کہ اتھارٹی کا مقصد ٹیکس دہندگان کو قانون کے تقاضوں سے آگاہ کرنے کے ساتھ ساتھ انہیں رجسٹریشن، ٹیکس ادائیگی اور ڈیجیٹل نظام کے استعمال میں سہولت فراہم کرنا ہے۔

بقیہ 40

ملازمین اور دیگر شہری استفادہ کرتے تھے۔ انہوں نے کہا کہ ٹرین سروس کی بندش کے باعث عوام کو مہنگے سفری ذرائع استعمال کرنے پر مجبور ہونا پڑ رہا ہے، جس سے پہلے ہی مہنگائی اور معاشی مشکلات کی شکار عوام کی پریشانیوں میں مزید اضافہ ہوا ہے۔ چمن جیسے سرحدی علاقے کے عوام کے لیے سستی اور محفوظ سفری سہولت کی عدم دستیابی ایک سنجیدہ مسئلہ ہے، جس کا فوری ازالہ ضروری ہے۔ اسلم اچکزئی نے کہا کہ کوئٹہ تا چمن ریلوے روٹ عوام کے لیے تاریخی اور اہم سفری رابطہ ہے، اس لیے پسنجر ٹرین کی طویل بندش کا فوری نوٹس لیا جائے۔ حکومت اور ریلوے حکام عوامی نمائندوں اور شہریوں کی مشکلات کو سمجھتے ہوئے ٹرین سروس کی بحالی کے لیے عملی اقدامات کریں۔

بقیہ 41

کی خصوصی ہدایت اور حکمت عملی کے تحت ضلعی صدر لورالائی مولانا مجیب الرحمٰن لونی اپنی ٹیم کے ساتھ خود میدان میں نکلے اور انہوں نے مختلف علاقوں اور گلی محلوں کا ذاتی طور پر تفصیلی سروے کیا۔ اس سروے کے ذریعے علاقے کے واقعی حقدار، یتیم، معذور اور بیوہ خواتین کی لسٹیں مرتب کی گئیں تاکہ امداد کسی بھی سفارش کے بغیر صرف اور صرف حقیقی مساکین تک پہنچ سکے۔ تقسیم کی تقریب کے موقع پر ضلعی صدر مجیب لونی نے میڈیا کے نمائندوں سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ "ہمارا مقصد کسی کی عزتِ نفس کو مجروح کیے بغیر ان کی دہلیز تک امداد پہنچانا ہے۔ منصور فاؤنڈیشن ہمارے سربراہ حسن اچکزئی کی قیادت میں انسانیت کی بلا تفریق خدمت کا عزم رکھتی ہے، اور ہم آئندہ بھی علاقے میں صرف راشن ہی نہیں بلکہ تعلیم اور صحت سے متعلق دیگر فلاحی منصوبے بھی شروع کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں۔" راشن وصول کرنے والے غریب خاندانوں، بیوہ خواتین اور معمر شہریوں نے منصور فاؤنڈیشن کے مرکزی سربراہ حسن اچکزئی اور ضلعی صدر مجیب لونی کے اس پہلے سے سروے کر کے شفاف امداد دینے کے انداز کو بے حد سراہا۔ انہوں نے دونوں رہنماؤں اور تمام رضاکاروں کی لمبی عمر، صحت اور اس نیک مشن کی مزید کامیابی کے لیے ہاتھ اٹھا کر دعائیں دیں۔ ضلع لورالائی کے عوامی، سیاسی اور سماجی حلقوں نے بھی فاؤنڈیشن کی اس منظم اور باوقار کاوش کو زبردست الفاظ میں خراج تحسین پیش کیا اور اسے خطے کے دیگر خیراتی اداروں کے لیے ایک بہترین نمونہ قرار دیا۔ یہ واحد ایک منصور فاؤنڈیشن ہے جو ہر وقت غریبوں میں اور نادار یتیم بچوں میں یہ سلسلہ جاری رکھا ہوا ہے جو قابل تعریف ہے ہمیں ان لوگوں کی مدد کرنا چاہیے

بقیہ 42

کیے اس موقع پر طلبہ نے مختلف سوالات کے جوابات دیے اور اپنی تعلیمی صلاحیتوں کا اظہار کیا۔ عبدالحمید مینگل نے بچوں کی تعلیمی کارکردگی اور اسکول میں جاری تدریسی سرگرمیوں پر اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے اسکول کو تعلیمی لحاظ سے بہترین قرار دیا اور استاد بشیر احمد جمالی کی تعلیمی خدمات اور طلبہ کی تعلیم و تربیت کے لیے کاوشوں کو قابلِ تحسین قرار دیا۔ اس موقع پر اسکول کمیونٹی نے ڈسٹرکٹ فوکل پرسن عبدالحمید مینگل کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے اپنے قیمتی وقت میں سے وقت نکال کر اسکول کا دورہ کیا، اساتذہ اور طلبہ کی حوصلہ افزائی کی، جس سے اسکول کمیونٹی میں مزید جذبہ اور اعتماد پیدا ہوا ہے عبدالحمید مینگل نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ گورنمنٹ فیڈر پرائمری اسکول حاجی مولا بخش جمالی کے استاد کی تعلیمی سرگرمیاں قابلِ تعریف ہیں

بقیہ 43

کی اعلیٰ سطحی ٹیم نے جیوانی کا دورہ کیا۔ ٹیم میں چیف پلاننگ آفیسر نوید احمد رئیسانی،، ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر گوادر ڈاکٹر یاسر طاہر اسسٹنٹ کمشنر جیوانی طارق امام بلوچ اور سیکشن آفیسر بجٹ شے مرید بلوچ شامل تھے۔ محکمہ صحت کی ٹیم نے رورل ہیلتھ سینٹر (RHC) جیوانی اور نوتعمیر شدہ شیخ راشد بن محمد بن راشد بن المکتوم ہسپتال کا تفصیلی معائنہ کیا۔ دورے کا مقصد آر ایچ سی جیوانی کو تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال (THQ) کا درجہ دیے جانے کے بعد نئے ہسپتال کو باقاعدہ طور پر فعال کرنے کیلئے ضروری انتظامات کا جائزہ لینا اور آئندہ کے لائحہ عمل کو حتمی شکل دینا تھا۔ اس موقع پر ٹیم نے ہسپتال کی عمارت، مختلف شعبہ جات، طبی و انتظامی سہولیات، دستیاب وسائل، عملے کی ضروریات، طبی آلات اور دیگر بنیادی امور کا تفصیلی جائزہ لیا۔ متعلقہ حکام نے ہسپتال کو مکمل طور پر فعال بنانے کیلئے درکار افرادی قوت، طبی آلات، بجٹ اور دیگر ضروری وسائل سے متعلق امور پر بھی غور کیا۔

بقیہ 44

میں مسلسل اضافہ انتہائی تشویشناک ہے۔ ایگل اسکواڈ کے اہلکار عوام کے محافظ بننے کے بجائے مبینہ طور پر غنڈہ گردی کی روش اختیار کیے ہوئے ہیں۔ شہر بھر میں شہریوں کو ہراساں کرنے اور مبینہ طور پر رشوت نہ دینے پر تشدد کا نشانہ بنانے کے واقعات کسی صورت قابل قبول نہیں۔

بقیہ 45

امیر جان، وڈیرہ ظفر اور علاقے کے معتبرین و معززین نے شرکت کی۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مقررین نے کھیلوں کی اہمیت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ کھیل نوجوانوں کی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے، صحت مند سرگرمیوں کے فروغ اور مثبت طرزِ زندگی کو پروان چڑھانے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ سپورٹس میلہ سیزن ٹو میں کرکٹ، گھوڑا ریس، رسہ کشی، دوڑ، علاقائی رقص اور روایتی کھیلوں سمیت مختلف مقابلوں کا انعقاد کیا جا رہا ہے، جبکہ میلے میں ثقافتی اور تفریحی سرگرمیاں بھی شامل ہیں۔ اس موقع پر مہمانوں نے کھلاڑیوں سے ملاقات کی اور ان کی حوصلہ افزائی کی۔ سپورٹس میلے میں شائقین کھیل اور شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی

بقیہ 46

گیا، جس میں چیئرمین الیکشن کمیٹی رستم جان لچکی ایڈووکیٹ، ممبران الیکشن کمیٹی نثار آدم جوسکی اور پھلان خان تھے۔ الیکشن کمیٹی کے رکن نثار آدم جوسکی نے تربت پریس کلب کے آڈیٹوریم میں تمام عہدیداران کے بلامقابلہ منتخب ہونے کا باضابطہ اعلان کیا۔ قبل ازیں تربت پریس کلب کی سابق کابینہ کی دو سالہ مدت مکمل ہونے کے بعد 9 ستمبر کو جنرل کونسل کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں سابق کابینہ کو تحلیل کرتے ہوئے پریس کلب کے روزمرہ معاملات، انتظامی امور اور دیگر ضروری ذمہ داریوں کی انجام دہی کے لیے تین رکنی انتظامی کمیٹی تشکیل دی گئی تھی۔ جنرل کونسل کے فیصلے کے مطابق پھلان خان کو انتظامی کمیٹی کا سربراہ جبکہ ماجد صمد اور طارق مسعود کو کمیٹی کے ارکان مقرر کیا گیا تھا۔

بقیہ 47

کی جانے والی جدوجہد پر تفصیل سے روشنی ڈالی۔ رہنماؤں نے اپنے خطاب میں کہا شہید میر مرتضیٰ بھٹو شہید ذوالفقار علی بھٹو کے بہادر بیٹے تھے جنہوں نے غریب، مزدور اور کسانوں کے حقوق کے لیے اپنی جان کا نذرانہ پیش کیا۔ ان کا فکر و نظریہ آج بھی ہماری رہنمائی کرتا ہے۔ پی پی (شہید بھٹو) ہی حقیقی بھٹوازم کی وارث جماعت ہے۔" کارکنان نے شہید کو زبردست خراج عقیدت پیش کیا اور عہد کیا کہ وہ شہید میر مرتضیٰ بھٹو کے مشن کو جاری رکھیں گے اور تنظیم کو مزید مضبوط بنائیں گے

بقیہ 48

کی کرامات، فضائل وسیرت پاک پر روشنی ڈالی جائے گی. جبکہ مرکزی جماعت اہلسنت کا صوبائی امیر مفتی محمد جان نعیمی، پیر سید سردار ضیاء اللہ شاہ جیلانی، مفتی نذیر جان نعیمی، مفتی خادم حسین نعیمی، مفتی حبیب اللہ نعیمی و دیگر ملک کے نامور علمائے کرام بھی خطاب کریں گے.

بقیہ 49

خصوصاً مکران ڈویژن میں امن وامان کے استحکام، عوام کے تحفظ اور علاقے کی ترقی کے لیے اپنا بھرپور کردار ادا کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں پائیدار امن کے قیام کے لیے سیکیورٹی اداروں اور عوام کے درمیان باہمی اعتماد، تعاون اور رابطہ انتہائی اہمیت رکھتا ہے۔ عوام نے ہمیشہ قیام امن کے لیے سیکیورٹی فورسز کی قربانیوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھا ہے اور امن و ترقی کے عمل کو آگے بڑھانے کے لیے ہر مثبت کوشش کی حمایت کی ہے۔

بقیہ 50

کے مسائل سے متعلق آواز بلند کرنے کی کوشش کی تو سائنڈھک پروجیکٹ انتظامیہ کی جانب سے ملک محمد رمضان سالزئی کو مختلف حیلے بہانوں سے تنگ کیا جا رہا ہے ان کے خلاف جھوٹے الزامات اور جھوٹے مقدمات بنانے جیسے دھمکیاں بھی دی جا رہی ہیں جس کی مسلم لیگ نواز اور عوامی بزنچ پینل شدید الفاظ میں مذمت کرتی ہے اور یہ عہد کرتی ہے کہ مسلم لیگ نواز اور عوامی بزنچ پینل ملک محمد رمضان سالزئی کے ساتھ ہیں اور ان کے شانہ بشانہ کھڑی ہے اگر ملک محمد رمضان سالزئی کے خلاف انتقامی کارروائیوں کا سلسلہ مزید برقرار رہا تو مسلم لیگ نواز اور عوامی بزنچ پینل ہر فورم پر آواز بلند کرے گی اور کسی بھی قسم کی قربانی سے دریغ نہیں کرے گی اور ایف آئی آر اور جھوٹے مقدمات درج کرنے والے حکام کے خلاف بھی مقدمہ درج کرے گی اس لئے ملک محمد رمضان سالزئی کے خلاف انتقامی کارروائیاں بند کر کے ان کے خدشات فی الفور دور کر دیئے جائیں۔

بقیہ 51

تفصیلات کے مطابق وندر شہر اور گردونواح کے مختلف علاقوں میں آوارہ کتوں کی تعداد میں آئے روز اضافہ ہونے لگا شہر کی گلیوں، محلوں، کالونیوں، بازاروں اور آبادیوں میں درجنوں آوارہ کتے آزادانہ دندناتے دکھائی دینے لگے جس کے باعث شہریوں میں شدید خوف و ہراس پایا جا رہا ہے۔ خصوصاً صبح سویرے اور شام کے اوقات میں گلی محلوں میں آوارہ کتوں کی موجودگی کے باعث شہریوں کو آمدورفت میں مشکلات کا سامنا ہے جبکہ اسکول جانے والے بچوں، خواتین، بزرگوں اور موٹر سائیکل سواروں کو بھی آوارہ کتوں کے باعث خطرات لاحق ہیں۔ اس حوالے سے شہریوں کا بھی کہنا ہے کہ آوارہ کتوں کی بڑھتی ہوئی تعداد شہریوں کے لیے گھمبیر مسئلہ بنتی جا رہی ہے جس پر بروقت قابو نہ پایا گیا تو خدشہ ہے کہ کسی بھی وقت سگ یزیدگی کے ناخوشگوار واقعات رونما ہو سکتے ہیں۔ شہر کے متعدد علاقوں میں آوارہ کتے جھنڈ کی صورت میں گھومتے رہتے ہیں اور راہگیروں کے قریب آنے پر بھونکنے اور ان کا تعاقب کرنے کے واقعات بھی سامنے آ رہے ہیں جس سے شہریوں بالخصوص بچوں میں خوف کی کیفیت پیدا ہو رہی ہے

بقیہ 52

فاتحہ خوانی کی۔ وزیراعلیٰ میر سرفراز بگٹی نے مرحومین کے درجات کی بلندی اور مغفرت کیلئے دعا کی اور سوگوار خاندان کیلئے صبر جمیل کی دعا کی۔ اس موقع پر وزیراعلیٰ نے کہا کہ غم کی اس گھڑی میں وہ میر عبدالقدوس بزنجو اور ان کے اہل خانہ کے دکھ میں برابر کے شریک ہیں۔ اللہ تعالیٰ مرحومین کو اپنی جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے اور پسماندگان کو یہ صدمہ برداشت کرنے کی توفیق دے۔

بقیہ 53

، کوچ عبدالواحد سمیت دیگر نے اپنے جاری کردہ ایک مشترکہ تعزیتی بیان میں سابق نیشنل ریفری و کوچ ستارہ بلوچستان فٹبال کلب کوئٹہ کے عبدالصمد بلوچ کے والد محترم حاجی بہرام خان بلوچ کے انتقال پر گہرے دکھ و افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور کے پسماندگان کو صبر جمیل عطا فرمائے آمین ثم آمین۔

بقیہ 54

مکہ مکرمہ کی حرمت کسی ریاست یا حکومت کی عطا کردہ نہیں بلکہ اللہ تعالیٰ کی مقرر کردہ حرمت ہے جس کی پاسداری پوری امتِ مسلمہ کی مشترکہ ذمہ داری ہے۔ انہوں نے کہا کہ انتظامی اعتبار سے حرمین شریفین جس ریاست کے زیر انتظام ہوں تاہم حرمین الشریفین پوری امتِ مسلمہ کا مشترکہ روحانی مرکز اور مسلمانوں کے دلوں کی عقیدت کا محور ہیں۔ مکہ مکرمہ کی حرمت اور تقدس پر کسی بھی قسم کی جارحیت یا تعرض نہ صرف ناقابلِ قبول ہے بلکہ اس کے نتائج پورے عالم کے امن واستحکام کے لیے انتہائی سنگین ہو سکتے ہیں

بقیہ 55

ملک مقبول احمد ملتانی کو عمرہ کی سعادت حاصل کرنے پر سیاسی، سماجی اور صحافتی شخصیات کی جانب سے مبارکباد کا سلسلہ جاری ہے۔ جنرل سیکرٹری میاں ندیم ممتاز، سینئر نائب صدر مہر محمد اصغر علی، رانا احسان طارق، محمد اسلم خان یوسف زئی، مہر سعود سمیت دیگر سیاسی، سماجی اور صحافی شخصیات نے ملک مقبول احمد ملتانی کو عمرہ کی ادائیگی پر دلی مبارکباد پیش کی۔ مبارکباد دینے والی شخصیات نے دعا کی کہ اللہ پاک ملک مقبول احمد ملتانی کا عمرہ، عبادات اور دعائیں اپنی بارگاہ میں شرف قبولیت عطا فرمائے۔ آمین یارب العالمین۔

بقیہ 56

اسماعیل نے گورنمنٹ گرلز انٹر کالج سربندن، کا دورہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے کالج کے تدریسی و انتظامی امور، اساتذہ و طالبات کی حاضری، تعلیمی سرگرمیوں، کلاس رومز اور طالبات کو فراہم کی جانے والی بنیادی سہولیات کا جائزہ لیا۔ انہوں نے کالج کے مختلف شعبوں کا معائنہ کرتے ہوئے تعلیمی ماحول اور تدریسی عمل سے متعلق معلومات حاصل کیں انہوں نے کالج کے اساتذہ اور

طالبات سے ملاقات کی اور ان کے مسائل، تجاویز اور تعلیمی ضروریات کے بارے میں آگاہی حاصل کی۔ انہوں نے اساتذہ کی تعلیمی خدمات اور کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ طالبات کو معیاری تعلیم کی فراہمی، باقاعدہ حاضری اور سازگار تعلیمی ماحول یقینی بنانا وقت کی اہم ضرورت ہے

بقیہ 57

خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ سکیورٹی فورسز نے مشکل حالات میں جس عزم اور حوصلے کے ساتھ امن کے قیام کے لیے فرائض انجام دیے ہیں وہ قابلِ قدر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پائیدار امن ہی بلوچستان میں ترقی، خوشحالی، تعلیم، روزگار اور سرمایہ کاری کے راستے ہموار کر سکتا ہے۔ میر فدا حکیم رند نے کہا کہ گوادر اور مکران کے عوام امن کے خواہاں ہیں اور چاہتے ہیں کہ خطے میں ترقیاتی عمل تیزی سے آگے بڑھے۔ عوامی مسائل کے حل کے ساتھ ساتھ نوجوانوں کو تعلیم، ہنر اور روزگار کے بہتر مواقع فراہم کرنا وقت کی اہم ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ سکیورٹی اداروں اور عوام کے درمیان باہمی اعتماد اور تعاون کو مزید مضبوط بنا کر علاقے میں امن و ترقی کے عمل کو مستحکم کیا جا سکتا ہے۔ ملاقات کے دوران جی او سی گوادر میجر جنرل حبیب نواز نے علاقائی صورتحال اور ترقیاتی امور پر گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان سوشل ڈویلپمنٹ انیشی ایٹو (BSDI) کے دو فیز پایہ تکمیل کو پہنچ چکے ہیں اور ان منصوبوں کے مثبت اثرات سامنے آ رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ان شاء اللہ BSDI کے تحت مزید اقدامات بھی اٹھائے جائیں گے تاکہ مقامی آبادی کو ترقی اور سہولیات کے بہتر مواقع میسر آ سکیں۔ میجر جنرل حبیب نواز نے اس عزم کا اظہار کیا کہ علاقے میں امن واستحکام کے ساتھ ساتھ عوامی فلاح و بہبود اور ترقی کے عمل کو بھی آگے بڑھانے کیلئے تمام ممکنہ اقدامات کیے جائیں گے

بقیہ 58

میں روزانہ کی بنیاد پر آنے والے صارفین کی شکایات اور مسائل کو سینئر انجینئر میر امان اللہ جمالی خود سنتے ہیں اور بلنگ، بقایاجات، زائد بلوں اور ادائیگی سے متعلق معاملات کے حل کے لیے متعلقہ عملے کو ضروری ہدایات جاری کرتے ہیں۔ اس دوران ایسے صارفین کو بھی سہولت فراہم کی جا رہی ہے جو بھاری بقایاجات ایک ساتھ ادا کرنے کی استطاعت نہیں رکھتے۔ کیس صارفین کی مشکلات کو مدنظر رکھتے ہوئے بقایاجات کی بآسانی وصولی اور ادائیگی کے لیے ماہانہ اقساط کی سہولت کا اہتمام کیا گیا ہے، جس سے صارفین کو اپنے واجبات مرحلہ وار ادا کرنے میں آسانی میسر آ رہی ہے۔

بقیہ 59

جس کی موجودہ صورتحال مبینہ طور پر منصوبے کے معیار اور تعمیراتی کارکردگی پر سوالیہ نشان بن گئی ہے۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ دارالامان کے تعمیراتی و مرمتی کام کے لیے مجموعی طور پر 50 لاکھ روپے کے فنڈز مختص کیے گئے تھے، جن میں سے تقریباً 20 لاکھ روپے کا مرمتی کام کیا گیا، جبکہ باقی 30 لاکھ روپے کے فنڈز لیپس ہونے کی اطلاعات ہیں۔ ذرائع کے مطابق مبینہ طور پر کیے گئے تعمیراتی کام کی صورتحال تسلی بخش نہیں، جبکہ عمارت کے بعض تعمیراتی کام تا حال مکمل نہ ہونے کی بھی اطلاعات ہیں۔ اس صورتحال کے باعث شہری اور عوامی حلقوں کی جانب سے منصوبے کے معیار، فنڈز کے استعمال اور باقی رقم کے لیپس ہونے کے معاملے پر شفاف تحقیقات کا مطالبہ کیا جا رہا ہے۔ عوامی حلقوں کا کہنا ہے کہ دارالامان چونکہ خواتین کے تحفظ اور نگہداشت سے متعلق حساس ادارہ ہے، اس لیے اس کی عمارت میں غیر متعلقہ افراد کی مبینہ موجودگی یا مداخلت کے معاملے کو بھی سنجیدگی سے دیکھا جانا چاہیے اور دارالامان کی سیکیورٹی و انتظامی امور کو قواعد وضوابط کے مطابق یقینی بنایا جائے۔

بقیہ 60

بڑی گاڑیوں کی قطاریں لگ گئیں۔ پینے کے پانی کی عدم فراہمی کے حوالے سے مظاہرین کا کہنا تھا کہ سونمیانی کے مکین گزشتہ 6 ماہ سے پینے کے پانی کی بوند بوند کو ترس رہے ہیں جبکہ بارہا نشاندہی اور مطالبات کے باوجود پانی کی فراہمی کا مسئلہ حل نہیں کیا گیا۔ پینے کے پانی کی عدم فراہمی کے باعث خواتین، بچوں اور بزرگوں سمیت علاقہ مکین شدید مشکلات سے دوچار ہیں۔ مظاہرین نے مطالبہ کیا ہے کہ سونمیانی میں فوری طور پر پینے کے پانی کی فراہمی یقینی بنائی جائے اور طویل عرصے سے جاری پانی کے بحران کا مستقل حل نکالا جائے۔ احتجاج کی اطلاع ملنے پر سماجی شخصیت وڈیرہ سلیم کا کانی موقع پر پہنچ گئے اور احتجاجی مظاہرین سے مذاکرات کیے

بقیہ 61

کہ نمازِ جمعہ کے وقت مسجد میں معصوم نمازیوں کو دہشت گردی کا نشانہ بنانا انتہائی افسوسناک اور بزدلانہ عمل ہے۔ ایسے انسانیت سوز واقعات کسی بھی صورت قابلِ قبول نہیں۔ انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے اس واقعے میں ملوث عناصر کو قانون کے کٹہرے میں لایا جائے اور عوام کے جان و مال کے تحفظ کے لیے مؤثر اور ٹھوس اقدامات یقینی بنائے جائیں۔

بقیہ 62

خاص ڈاکٹر الٰہی بخش سالانی اور ان کے ساتھیوں کا گراؤنڈ پہنچنے پر کھلاڑیوں نے والہانہ استقبال کیا اور انھیں پھولوں کے ہار پہنائے اور مہمان خاص کے ہمراہ یادگاری گروپ فوٹوز کھنچوائے گئے۔ بابو امین اللہ ساسولی، اسپورٹس دوست شخصیت سنگت سعید، فوکل پرسن برائے اسپورٹس ثناء ریکی، ملک ظفر نوتیزئی، یوسف ساقی سیاہ پاد، ماسٹر سمیع جتی، استاد رزاق بلوچ، ڈاکٹر تاج محمد ساسولی، کیپٹن شفیق سنجرانی، ٹورنامنٹ سیکرٹری ماسٹر منیر احمد جتی سمیت معززین اور شہریوں کی بڑی تعداد موجود تھی ریفری کے فرائض ماسٹر عبید محمد مینگل جبکہ اناؤنسر خلیل نورزئی تھے۔ دلچسپ میچ کے مہمان خاص الٰہی بخش سالانی نے ٹورنامنٹ کمیٹی کے لئے نقد 10 ہزار روپے دینے کا اعلان کر دیا۔

بقیہ 63

دستاویزی ثبوت میرے پاس موجود ہے انہوں نے کہا کہ جس شخص سے اور جس کے ذریعے یہ اراضی خریدی ہے اب وہ دونوں ظلم کی بنیاد پر رکاوٹیں پیدا کر رہا ہے اس بارے باقاعدہ ثالثین اور گواہان موجود ہے مگر یہ لوگ مختلف حربے استعمال کر رہے ہیں انہوں نے بتایا کہ یہ اراضی اب میری ملکیت ہے جس پر بہت کام بھی کر چکا ہوں انہوں نے اس اراضی کی بنیادیں تعمیر کر کے بھرائی بھی کرائی ہے اس لئے ہر خاص و عام کو مطلع کیا جاتا ہے

بقیہ 64

دیوان برج لعل سے پچاس ہزار اور موبا?ل فون چھیننے والی واردات سمیت مختلف تھانوں میں پولیس کو مطلوب ہے۔ ایس ایس پی لاڑکانہ اظہر خان (PSP) نے متعلقہ پولیس ٹیم کو شاباشیں دیتے ہوئے تفتیش کا دائرہ وسیع کرنے کے احکامات جاری کر دیے ہیں۔

بقیہ 65

کھلاڑیوں کے خلاف اپنی صلاحیتیں منوا چکے ہیں۔ اسد عاطف کی حالیہ کامیابیوں میں قطر میں منعقد ہونے والے کیڈٹ پیڈل ایونٹ میں شرکت بھی شامل ہے، جہاں انہوں نے عمدہ کھیل کا مظاہرہ کرتے ہوئے MVP (Most Valuable Player) کا اعزاز حاصل کیا۔ اسی طرح سینئر کھلاڑیوں کے خلاف ان کی کارکردگی بھی قابلِ ذکر رہی، جبکہ لاہور پیڈل اِن میں میز کیٹیگری کے مقابلوں میں رنر اپ فائنل تک پہنچ کر انہوں نے اپنی کھیل کی استعداد اور مسابقتی صلاحیت کا بھرپور ثبوت دیا۔ کھیل سے وابستہ حلقوں کے مطابق اسد عاطف کا مسلسل جونیئر اور سینئر سطح کے مقابلوں میں شرکت کرنا انہیں مستقبل کے بڑے مقابلوں کے لیے قیمتی تجربہ فراہم کر رہا ہے۔ ان کی موجودہ کارکردگی اس بات کی عکاسی کرتی ہے کہ پاکستان میں پیڈل کے کھیل میں نوجوان ٹیلنٹ تیزی سے سامنے آ رہا ہے۔ اسد عاطف کا عزم ہے کہ وہ محنت، مستقل مزاجی اور نظم و ضبط کے ساتھ اپنے کھیل کو مزید بہتر بنائیں گے اور مستقبل میں بین الاقوامی سطح پر پاکستان کی نمائندگی کرتے ہوئے ملک کا نام روشن کریں گے۔

بقیہ 66

وفاقی مشیر اور سابقہ ایم پی اے سردار امیر بخش خان بھٹو مقتولین کے گاؤں رڑا پہنچے اور ورثاء علی گل کٹرو، وڈیرو نثار کٹرو، علی اکبر کٹرو اور دیگر ورثاء سے تعزیت کر کے دکھ کا اظہار کیا۔ اس موقع پر انہوں نے کہا کہ یہ واقعہ انتہائی افسوسناک اور دلخراش ہے۔ انہوں نے ورثاء کو ہر ممکن مدد کا یقین دلایا اور مطالبہ کیا کہ پولیس قاتلوں کو جلد گرفتار کر کے انصاف فراہم کرے۔

گوادر، رکن صوبائی اسمبلی گوادر مولانا ہدایت الرحمٰن بلوچ کلسٹر ہیڈز میں اسکولوں کے لیے تعلیمی مواد تقسیم کر رہے ہیں

ایمان مزاری اور ہادی چھٹہ کے رہائی کے بعد دوبارہ گرفتاری افسوسناک اور انتہائی قابل مذمت ہے، علی احمد کرد

حکومت کے اس غیر ذمہ دارانہ عمل سے ملک اور دنیا بھر میں بڑی جگ ہنسائی کا باعث بنا ہے

آل پاکستان وکلاء ایکشن کمیٹی کے چیئر مین علی احمد کرد اور راحب بلیدی نے ایک بیان میں ایمان مزاری اور ہادی چھٹہ کے رہائی کے فوری طور پر دوبارہ جیل ہی کے گیٹ پر گرفتاری افسوسناک اور انتہائی قابل مذمت ہے اور حکومت کے اس غیر ذمہ دارانہ عمل سے ملک اور دنیا بھر میں بڑی جگ ہنسائی کا باعث بنا ہے اس اقدام سے حکومت کے سے بڑی بے شرمی کا (بقیہ 29 صفحہ 3 پر)

سیلاب متاثرین کے گھروں کی تعمیر کیلئے پروجیکٹ کی کامیابی کو یقینی بنایا جائیگا' سائرہ عطاء

لسبیلہ (خ ن) کمشنر لسبیلہ ڈویژن سائرہ عطاء نے کہا ہے کہ سیلاب متاثرین کے گھروں کی تعمیر کیلئے منظور شدہ پراجیکٹ میں شفافیت مالی نظم وضبط کے تحت پراجیکٹ کی کامیابی کو یقینی بنایا جائیگا یہ بات انہوں نے لیڈا کانفرنس (بقیہ 30 صفحہ 3 پر)

عوامی خدمت اور حلقے کی ترقی ان کی ترجیحات میں شامل ہے، فیصل جمالی

عوامی مسائل کے حل میں کسی قسم کی غفلت برداشت نہیں کی جائے گی

صوبائی وزیر لائیو اسٹاک سردارزادہ فیصل خان جمالی سے حلقہ انتخاب کے عمائدین وعوام کی ملاقات

گنداخہ (نامہ نگار) صوبائی وزیر لائیو اسٹاک بلوچستان سردارزادہ فیصل خان جمالی سے معروف سیاسی وسماجی شخصیات سید غفار علی جمالی، میر ریاض حسین ہجوانی سمیت حلقہ انتخاب سے تعلق رکھنے والے عمائدین اور عوام نے گوٹھ سردار رستم خان جمالی بکھڑا میں ملاقات کی۔ ملاقات کے دوران علاقے کی مجموعی صورتحال، عوام کو درپیش مسائل، ترقیاتی امور اور مختلف علاقائی معاملات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ (بقیہ 26 صفحہ 3 پر)

محمد بلال ریکی کا گورنمنٹ بوائز ہائیر سیکنڈری سکول ہتھیاری گدر کا باقاعدہ چارج سنبھال لیا

اسکول میں تعلیمی سرگرمیوں کو مزید منظم اور مؤثر بنانے کے لیے عملی اقدامات کیے جائیں گے

سوراب (سراج احمد بلوچ) محمد بلال ریکی نے گورنمنٹ بوائز ہائیر سیکنڈری سکول ہتھیاری گدر کا باقاعدہ چارج سنبھال کر اپنی ذمہ داریاں ادا کرنا شروع کر دی ہیں، چارج سنبھالنے کے بعد انہوں نے تعلیمی امور، تدریسی نظام اور طلبہ کو درپیش مسائل کا جائزہ لیتے ہوئے اسکول کے انتظامی و تعلیمی معاملات کو مزید بہتر بنانے کے عزم کا اظہار کیا، گورنمنٹ بوائز (بقیہ 37 صفحہ 3 پر)

محمد بلال ریکی نے گورنمنٹ بوائز ہائیر سیکنڈری سکول ہتھیاری گدر کا باقاعدہ چارج سنبھال لیا ہے

گوادر، شئے مرید بلوچ کا گورنمنٹ گرلز ہائی اسکول شمبے اسماعیل میں قائم ہیلتھ کیئر سنٹر کا دورہ

گوادر (خ ن) محکمہ صحت کے چیف پلاننگ آفیسر نوید احمد رئیسانی اور سیکشن آفیسر شئے مرید بلوچ نے گورنمنٹ گرلز ہائی اسکول شمبے اسماعیل میں قائم ہیلتھ کیئر سنٹر کا دورہ کیا۔ اس موقع پر انہوں نے طالبات سے ملاقات کی، مختلف امور پر سوال و جواب کیے اور ہیلتھ (بقیہ 38 صفحہ 3 پر)

BRA کی ٹیم کا کوئٹہ میں حال ہی میں قائم ہونے والے مختلف ریسٹورنٹس کا دورہ

کوئٹہ (خ ن) بلوچستان ریونیو اتھارٹی (BRA) کی ٹیم نے کوئٹہ میں حال ہی میں قائم ہونے والے مختلف ریسٹورنٹس کا دورہ کیا اور انتظامیہ کو بلوچستان سیلز ٹیکس آن سروسز ایکٹ 2015 کے تحت اپنی قانونی ذمہ داریوں سے آگاہ کیا۔ دورانِ دورہ ریسٹورنٹس کی انتظامیہ کو آگاہ کیا گیا کہ متعلقہ کاروباری اداروں (بقیہ 39 صفحہ 3 پر)

رکھنی میں سپورٹس میلہ سیزن ٹو میگا ایونٹ 2026 کا رنگا رنگ آغاز

بارکھان رکھنی (خ ن) رکھنی میں سپورٹس میلہ سیزن ٹو میگا ایونٹ 2026 کا رنگا رنگ آغاز ہوگیا۔ اس موقع پر رکھنی کرکٹ گراؤنڈ میں افتتاحی تقریب منعقد ہوئی، جس میں اسسٹنٹ کمشنر رکھنی فہد حسین عمرانی، اسسٹنٹ کمشنر اراشم انضام قاسم سیلاچی، اسپورٹس آفیسر (بقیہ 45 صفحہ 3 پر)

کوئٹہ تا چمن پسنجر ٹرین فوری بحال کی جائے۔ اسلم اچکزئی

عوام کو مزید مشکلات میں نہ ڈالا جائے۔ صوبائی صدر مظلوم عوامی تحریک

چمن (پ ر) مظلوم عوامی تحریک پاکستان کے صوبائی صدر اسلم اچکزئی نے کوئٹہ تا چمن پسنجر ٹرین کی طویل عرصے سے بندش پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے حکومت اور متعلقہ ریلوے حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ عوامی مشکلات کو مدنظر رکھتے ہوئے ٹرین سروس کو بلا تاخیر بحال کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ کوئٹہ تا چمن پسنجر ٹرین چمن اور گردونواح کے غریب، متوسط اور عام شہریوں کے لیے انتہائی اہم سفری سہولت ہے، جس سے روزانہ مزدور، طلبہ، مریض، سرکاری (بقیہ 40 صفحہ 3 پر)

تربت پریس کلب کی دو سالہ نئی کابینہ بلا مقابلہ منتخب

حافظ صلاح الدین سلفی صدر اور ماجد صمد جنرل سیکرٹری منتخب

تربت (نامہ نگار) تربت پریس کلب کی دو سالہ نئی کابینہ کے انتخابات کا عمل مکمل ہوگیا، جس کے نتیجے میں تمام عہدیداران بلا مقابلہ منتخب ہوگئے۔ نو منتخب کابینہ میں حافظ صلاح الدین سلفی صدر، نور شاہ نور نائب صدر، ماجد صمد جنرل سیکرٹری، ایاز اسلم ڈپٹی جنرل سیکرٹری جبکہ مقبول ناصر فنانس سیکرٹری بلا مقابلہ منتخب ہوئے۔ انتخابی عمل تین رکنی الیکشن کمیٹی کی نگرانی میں مکمل کیا (بقیہ 46 صفحہ 3 پر)

تربت پریس کلب کی دو سالہ نئی کابینہ کے انتخابات' اراکین حافظ صلاح الدین سلفی کو صدر منتخب ہونے کے بعد نشست پر بٹھا رہے ہیں

نصیر آباد: این جی اوز میں سرکاری ملازمین کی مبینہ تعیناتیوں کی تحقیقات کا مطالبہ

بابا کوٹ (نامہ نگار) این جی اوز میں سرکاری ملازمین کی مبینہ تعیناتیوں کی تحقیقات کا مطالبہ ڈیرہ مراد جمالی میں مختلف این جی اوز اور فلاحی اداروں میں مبینہ طور پر بعض سرکاری ملازمین کے کام کرنے اور اپنی اصل محکمانہ ڈیوٹی انجام نہ دینے کی شکایات سامنے آرہی ہیں۔

نامعلوم افراد کی فائرنگ' اکاؤنٹ جنرل آفس کے آڈٹ افسر جاں بحق

کوئٹہ (پ ر) سنزل روڈ پر نامعلوم افراد کی فائرنگ فائرنگ میں اکاؤنٹ جنرل آفس کے آڈٹ افسر جاں بحق پولیس کے مطابق غیور بزدار کو گھر کے قریب نشانہ بنایا گیا۔ فائرنگ کے بعد ملزمان فرار۔

پیپلز پارٹی شہید بھٹو نوڈیرو کی قائد انقلاب شہید میر مرتضیٰ بھٹو کی 72 ویں سالگرہ تقریب

نوڈیرو (رپورٹ: عابد بھٹو) پاکستان پیپلز پارٹی (شہید بھٹو) سٹی نوڈیرو کی جانب سے قائد انقلاب شہید میر مرتضیٰ بھٹو کی 72 ویں سالگرہ تقریب انتہائی جوش وجذبے اور عقیدت واحترام سے منائی گئی جس میں عہدیداران، کارکنان، سٹی صدر وریام علی چنا، ڈسٹرکٹ آرگنائزر محمد سلیم چنا، اختر میرانی، صاحب خان شیخ، غلام نبی کولاچی، عبدالرزاق موھل، مرتضیٰ منلنجو، اعجاز بھٹو، فرحان چنا نے شرکت کی۔ مقررین نے شہید میر مرتضیٰ بھٹو کی سیاسی زندگی، جرات و بہادری اور غریبوں کیلئے (بقیہ 47 صفحہ 3 پر)

غوث اعظم کا سالانہ عرس 23 ستمبر کو منعقد ہوگا

بڑی گیارہویں شریف میں پیر دستگیر غوث پاک کی کرامات، فضائل وسیرت پاک پر روشنی ڈالی جائے گی

لاڑکانہ (بیورو رپورٹ) مرکزی جماعت اہلسنت کے صوبائی امیر مفتی محمد جان نعیمی کی جانب سے دارالعلوم امجدیہ نعیمیہ ملیر کراچی میں پیر دستگیر حضور غوث اعظم رضی اللہ عنہ کا 887 ہواں سالانہ عرس مبارک کا عظیم الشان جلسہ 10 ربیع الثانی، 23 ستمبر کو صبح دس بجے سے نماز ظہر تک منعقد ہوگا. بڑی گیارہویں شریف میں پیر دستگیر غوث پاک (بقیہ 48 صفحہ 3 پر)

میر فدا حکیم رند کی میجر جنرل ظفر اقبال کو آئی جی ایف سی ساؤتھ تعیناتی پر مبارکباد

عوام نے ہمیشہ قیام امن کے لیے سیکیورٹی فورسز کی قربانیوں کو قدر کی نگاہ سے دیکھا ہے



گوادر (رپورٹ محمد سلیم رند) مند: معروف سیاسی و قبائلی میر فدا حکیم رند نے میجر جنرل ظفر اقبال کو انسپکٹر جنرل فرنٹیئر کور (ایف سی) ساؤتھ بلوچستان تعینات ہونے پر دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے ان کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا ہے۔ اپنے تہنیتی پیغام میں میر فدا حکیم رند نے کہا کہ میجر جنرل ظفر اقبال کی بطور آئی جی ایف سی ساؤتھ تعیناتی ایک اہم ذمہ داری ہے، امید ہے کہ وہ اپنے پیشہ ورانہ تجربے اور صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے بلوچستان (بقیہ 49 صفحہ 3 پر)

اظہار تعزیت

دالبندین (پ ر) ڈسٹرکٹ فٹبال ایسوسی ایشن چاغی کے صدر حاجی عبدالروف نوتیزئی جنرل سیکرٹری حاجی عبدالباری بلوچ نائب صدور واحد بخش شیرزہی، سید محی الدین شاہ بلوچ، خازن بابو عبدالرزاق ساسولی (بقیہ 53 صفحہ 3 پر)

ملک محمد رمضان سالزئی کو مختلف حیلے بہانوں سے تنگ کیا جا رہا ہے' مسلم لیگ نواز رخشان

ملک محمد رمضان سالزئی جو کہ سائندھک کے جدی پشتی رہائشی اور معتبر شخصیت ہیں

چاغی (نامہ نگار) مسلم لیگ نواز رخشان ڈویژن اور عوامی برڈیچ پینل ضلع چاغی کے جاری کردہ ایک پریس ریلیز میں کہا گیا ہے کہ ملک محمد رمضان سالزئی جو کہ سائندھک کے جدی پشتی رہائشی اور معتبر شخصیت ہیں ان کے آباؤ اجداد بھی سائندھک میں آباد رہے ہیں مگر جب انہوں نے سائندھک پروجیکٹ سے منسلک رہائشی کلیوں کے لوگوں کے جائز حقوق اور ان (بقیہ 50 صفحہ 3 پر)

میر سرفراز بگٹی کا عبدالقدوس بزنجو سے تعزیت اور فاتحہ خوانی

اسلام آباد (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے سینیٹر انوار الحق کاکڑ، آغا شکیل احمد درانی اور دیگر کے ہمراہ سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان اور رکن ایوان بالا میر عبدالقدوس بزنجو سے ان کے چچا میر عبداللہ جان بزنجو اور ماموں میر اللہ داد بزنجو کے انتقال پر تعزیت اور (بقیہ 52 صفحہ 3 پر)

وندر شہر گردونواح میں آوارہ کتوں کی بھرمار شہری خوف و ہراس کا شکار

مرد، خواتین، بزرگ اور معصوم بچے گھروں سے باہر نکلتے ہوئے خوف محسوس کرنے لگے

سونمیانی وندر (رپورٹ۔ زبیر بلوچ) وندر شہر گردونواح میں آوارہ کتوں کی بھرمار شہری خوف و ہراس کا شکار ہوگئے گلی محلوں اور مختلف آبادیوں میں آوارہ کتوں کے غول آزادانہ گھومنے لگے۔ مرد، خواتین، بزرگ اور معصوم بچے گھروں سے باہر نکلتے ہوئے خوف محسوس کرنے لگے شہریوں نے متعلقہ حکام سے فوری طور پر کتا مار مہم شروع کرنے کا مطالبہ کر دیا۔ (بقیہ 51 صفحہ 3 پر)

اورماڑہ اسسٹنٹ کمشنر ڈاکٹر ماہ نور برکت گورنمنٹ بوائز مڈل اسکول بسول اور ہڈ کے دورہ کے موقع درس وتدریسی عمل کا جائزہ لے رہی ہیں

کوئٹہ میں ملاوٹی دودھ و دہی کے خلاف بی ایف اے کا کریک ڈاؤن تیسرے روز میں داخل

ملاوٹی دودھ اور دیگر خلاف ورزیوں پر 16 یونٹس کو جرمانے سنگین خلاف ورزیوں پر 2 مقامات سیل کر دیے گئے

کوئٹہ (سٹاف رپورٹر) کوئٹہ میں ملاوٹی دودھ و دہی کے خلاف بی ایف اے کا کریک ڈاؤن تیسرے روز میں داخل رئیسانی روڈ، طوغی روڈ، علمدار روڈ، جان محمد روڈ، سی پیک روڈ اور نواں کلی بائی پاس میں بھرپور کارروائیاں مجموعی طور پر 19 دودھ کی دکانوں اور 52 دودھ بردار گاڑیوں/موٹر سائیکلوں جبکہ 3 گھروں میں بنائے گئے یونٹس کی خصوصی چیکنگ کی گئی ملاوٹی دودھ اور دیگر خلاف ورزیوں پر 16 یونٹس کو جرمانے سنگین خلاف ورزیوں پر 2 مقامات سیل کر دیے گئے کارروائیوں کے دوران 16،150 لیٹر دودھ کا معیار موقع پر چیک جبکہ 570 لیٹر ملاوٹی (بقیہ 33 صفحہ 3 پر)

صحت کے شعبے میں اصلاحات کے نمایاں نتائج سامنے آنا شروع

بیکڑ میں قائم میر غلام قادر بگٹی میموریل ہسپتال میں تاریخ میں پہلی بار 100 بڑی سرجریز کامیابی سے مکمل کرلی گئی ہیں

کوئٹہ (خ ن) حکومت بلوچستان کی جانب سے صحت کے شعبے میں اصلاحات کے نمایاں نتائج سامنے آنا شروع ہوگئے ہیں، صوبے کے دورافتادہ علاقے بیکڑ میں قائم میر غلام قادر بگٹی میموریل ہسپتال میں تاریخ میں پہلی بار 100 بڑی سرجریز کامیابی سے مکمل کرلی گئی ہیں۔ میر غلام قادر بگٹی میموریل ہسپتال میں ہنگامی اور پیچیدہ نوعیت کے کیسز سمیت (بقیہ 36 صفحہ 3 پر)

گنداواہ' صوبائی وزیر لائیو سٹاک سردارزادہ فیصل خان جمالی سے علاقائی عمائدین وحلقہ انتخاب کے عوام ملاقات کر رہے ہیں

لورالائی' محروم، غریب اور نادار علاقوں کے لیے راشن تقسیم

منصور فاؤنڈیشن بیوہ خواتین نادار یتیم بچوں میں یہ سلسلہ پورے بلوچستان میں جاری رہے گا' حسن اچکزئی

لورالائی (میاں محمد عامر بشیر آرائیں) منصور فاؤنڈیشن کے مرکزی سربراہ حسن اچکزئی کی خصوصی لورالائی آمد اور ان کی اپنی براہِ راست نگرانی میں ضلع کے تمام محروم، غریب اور نادار علاقوں کے لیے ایک بہت بڑے راشن تقسیم کے فلاحی پروگرام کا انعقاد کیا گیا۔ اس دورے کے دوران سو فیصد شفافیت کو یقینی بناتے ہوئے سینکڑوں مستحق اور بیوہ خواتین میں راشن کی تقسیم کا عمل نہایت احترام اور نظم وضبط کے ساتھ مکمل کیا گیا۔ منصور فاؤنڈیشن کے سربراہ حسن اچکزئی (بقیہ 41 صفحہ 3 پر)

عبدالحمید مینگل کا گورنمنٹ فیڈر پرائمری اسکول حاجی مولابخش جمالی نزد ہدیرو کا اچانک دورہ

بچوں میں تعلیم حاصل کرنے کا شعور اور دلچسپی بھی قابلِ اطمینان ہے

گنداخہ (نامہ نگار) ڈسٹرکٹ فوکل پرسن (NCHD) محکمہ اسکول ایجوکیشن عبدالحمید مینگل نے گورنمنٹ فیڈر پرائمری اسکول حاجی مولابخش جمالی نزد ہدیرو کا اچانک دورہ کیا۔ دورے کے دوران انہوں نے اسکول کے تمام تعلیمی و انتظامی ریکارڈ کا بغور جائزہ لیا، کلاس رومز کا معائنہ کیا اور طلبہ سے مختلف تعلیمی سرگرمیوں اور نصابی موضوعات کے حوالے سے سوالات (بقیہ 42 صفحہ 3 پر)

بلوچستان کے تاریخی شہر قلات میں چار روزہ پولیو مہم کا باقاعدہ افتتاح کر دیا گیا

قلات (خ ن) بلوچستان کے تاریخی شہر قلات میں چار روزہ پولیو مہم کا باقاعدہ افتتاح کر دیا گیا۔ ڈپٹی کمشنر قلات انجینئر عائشہ زہری نے بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلا کر چار روزہ پولیو مہم کا باقاعدہ افتتاح کیا۔ اس موقع پر ڈپٹی ڈسٹرکٹ ہیلتھ آفیسر ڈاکٹر محمد (بقیہ 34 صفحہ 3 پر)

ڈاکٹر عبدالصبور کی صدارت جامعہ تربت کی الحاق کمیٹی کا نواں اجلاس

تربت (خ ن) جامعہ تربت کی الحاق کمیٹی کا نواں اجلاس فیکلٹی آف لٹریچر اینڈ لینگویجز کے ڈین پروفیسر ڈاکٹر عبدالصبور (تمغہ امتیاز) کی صدارت میں منعقد ہوا، جس میں ملحقہ ڈگری کالجوں میں نئے تعلیمی پروگرامز کے اجراء، نصاب وتدریسی نظام اور امتحانات کے طریقہ (بقیہ 35 صفحہ 3 پر)

ڈپٹی کمشنر صحبت پور فریدہ ترین بچے کو پولیو کے قطرے پلا کر پانچ روزہ انسدادِ پولیو مہم کا باقاعدہ افتتاح کر رہی ہیں

پولیو ایک خطرناک اور ناقابلِ علاج مرض ہے' فریدہ ترین

ڈپٹی کمشنر نے صحبت پور میں 21 ستمبر سے شروع ہونے والی پانچ روزہ انسدادِ پولیو مہم کا باقاعدہ افتتاح کر دیا

فرید آباد (نامہ نگار اعجاز علی) ڈپٹی کمشنر صحبت پور فریدہ ترین نے بچے کو پولیو سے محفوظ رکھنے کے لیے پولیو ویکسین کے قطرے پلا کر ضلع صحبت پور میں 21 ستمبر سے شروع ہونے والی پانچ روزہ انسدادِ پولیو مہم کا باقاعدہ افتتاح کر دیا اس موقع پر محکمہ صحت کے افسران ضلعی پولیو ٹیم کے ذمہ داران اور متعلقہ حکام بھی موجود تھے ڈپٹی کمشنر فریدہ ترین نے کہا کہ پولیو ایک خطرناک اور ناقابل علاج مرض ہے تاہم بروقت اور مکمل ویکسینیشن کے ذریعے بچوں کو اس موذی مرض سے (بقیہ 31 صفحہ 3 پر)

کالعدم تنظیموں سے منسلک رہنے والی دو خواتین کا اپنے ماضی کے اقدامات پر شدید ندامت کا اظہار

کالعدم تنظیمیں معصوم لڑکیوں کو ورغلا کر انہیں غلط راستے پر دھکیل رہی ہیں' خدیجہ پیر جان اور صفیہ عبدالخالق

کوئٹہ (سٹاف رپورٹر) کوئٹہ پریس کلب میں پریس کرتے ہوئے تربت کے علاقے تمپ سے تعلق رکھنے والی خدیجہ پیر جان نے بتایا کہ وہ کوئٹہ کے بی ایم سی کالج سے نرسنگ کی تعلیم حاصل کر رہی تھیں۔ ان کے شوہر حاصل (عرف دودا) کا تعلق کالعدم دہشت گرد تنظیم بی (بقیہ 32 صفحہ 3 پر)

بلوچستان کے 32 اضلاع میں سات روزہ انسداد پولیو مہم 21 ستمبر سے شروع ہوگی

صوبے بھر میں پانچ سال سے کم عمر تقریباً 23 لاکھ بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے جائیں گے

بچوں کو پولیو ویکسین پلانے کے لیے مجموعی طور پر 9,193 ٹیمیں تشکیل دے دی گئیں ہیں' کوآرڈینیٹر انعام الحق

کوئٹہ (سٹاف رپورٹر) بلوچستان کے 32 اضلاع میں سات روزہ انسداد پولیو مہم پیر 21 ستمبر 2026 سے شروع ہوگی، جس کے دوران صوبے بھر میں پانچ سال سے کم عمر تقریباً 23 لاکھ بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلائے جائیں گے۔ ایمرجنسی آپریشن سینٹر (ای او سی) بلوچستان کے کوآرڈینیٹر انعام الحق نے کہا ہے کہ انسداد پولیو مہم کے لیے تمام تیاریاں مکمل کرلی گئی ہیں اور بچوں کو پولیو ویکسین پلانے کے لیے مجموعی (بقیہ 27 صفحہ 3 پر)

محکمہ صحت بلوچستان کی اعلیٰ سطحی ٹیم نے جیوانی کا دورہ

گوادر جیوانی (خ ن) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے وژن اور صوبائی حکومت کی جانب سے عوام کو معیاری، مؤثر اور بنیادی صحت کی سہولیات ان کی دہلیز پر فراہم کرنے کی پالیسی کے تحت محکمہ صحت بلوچستان (بقیہ 43 صفحہ 3 پر)

ہتک آمیز سلوک اور رشوت طلب کیے جانے کے واقعات میں مسلسل اضافہ انتہائی تشویشناک ہے' مولانا رفیق

مبینہ طور پر رشوت نہ دینے پر تشدد کا نشانہ بنانے کے واقعات کسی صورت قابلِ قبول نہیں

کوئٹہ (پ ر) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمٰن رفیق، ضلعی جنرل سیکرٹری حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، سیکرٹری اطلاعات عبدالغنی شہزاد اور ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات عبدالصمد حقیار نے کہا ہے کہ کوئٹہ میں ایگل اسکواڈ کے اہلکاروں کی جانب سے شہریوں کے ساتھ ہتک آمیز سلوک اور رشوت طلب کیے جانے کے واقعات (بقیہ 44 صفحہ 3 پر)

SHEIKH RASHID BIN MOHAMMED BIN RASHID AL MAKTOUM HOSPITAL
گوادر، جیوانی محکمہ صحت کی ٹیم چیف پلاننگ آفیسر نوید احمد رئیسانی کی قیادت میں آر ایچ سی جیوانی اور نوتعمیر شدہ شیخ راشد بن محمد بن راشد المکتوم ہسپتال کا جائزہ لے رہے ہیں

سینئر انجینئر امان اللہ جمالی کی تعیناتی، شہدادکوٹ کے گیس صارفین کو بلنگ مسائل میں ریلیف

بقایاجات کی ادائیگی کے لیے ماہانہ اقساط کی سہولت، اور صارفین کی جانب سے اقدام کا خیر مقدم

گنداخہ (نامہ نگار) سوئی سدرن گیس کمپنی شہدادکوٹ کے انچارج سینئر انجینئر میر امان اللہ جمالی کی تعیناتی کے بعد گیس صارفین کو درپیش بلنگ، بقایاجات اور ادائیگی سے متعلق مشکلات کے حل میں نمایاں سہولت فراہم کیے جانے کا سلسلہ جاری ہے، جس پر شہریوں اور گیس صارفین نے اطمینان کا اظہار کرتے ہوئے سینئر انجینئر میر امان اللہ جمالی کے عوام دوست اقدامات کو سراہا ہے، تفصیلات کے مطابق سوئی سدرن گیس کمپنی شہدادکوٹ کے دفتر (بقیہ 58 صفحہ 3 پر)

دارالامان نصیر آباد حساس عمارت، غیر متعلقہ افراد کی مبینہ مداخلت

ناقص تعمیراتی کام اور 50 لاکھ کے فنڈز پر سوالات

باباکوٹ (رپورٹ محمد یونس عمرانی) محکمہ سوشل ویلفیئر کے زیرِ انتظام دارالامان نصیر آباد ایک حساس نوعیت کی عمارت ہے، تاہم ذرائع کے مطابق یہاں غیر متعلقہ افراد کی مبینہ انوالومنٹ اور تعمیراتی کاموں میں مبینہ بے ضابطگیوں کے حوالے سے مختلف سوالات سامنے آرہے ہیں۔ ذرائع کے مطابق جون 2025 میں دارالامان نصیر آباد میں تعمیراتی و مرمتی کام کرایا گیا، (بقیہ 59 صفحہ 3 پر)

مبلسی پریس کلب وبانی ینگ ورکنگ جرنلسٹ گروپ ملک مقبول احمد ملتانی کو عمرہ کی سعادت حاصل کرنے پر مبارکباد

میلسی (جنرل رپورٹر ذوالفقار احمد گاذر) میلسی پریس کلب کے وائس چیئرمین احتساب کمیٹی و بانی ینگ

ورکنگ جرنلسٹ گروپ (بقیہ 55 صفحہ 3 پر)

ڈویژنل مانیٹرنگ آفیسر کالجز مکران کا گورنمنٹ گرلز انٹر کالج سربندن، کا دورہ

سربندن (خ ن) ڈویژنل مانیٹرنگ آفیسر کالجز مکران پروفیسر برکت (بقیہ 56 صفحہ 3 پر)

حرمین شریفین کی حرمت وتقدس کا تحفظ ہر مسلمان کی دینی ذمہ داری ہے' مولانا رفیق

مکہ مکرمہ کی حرمت کسی ریاست یا حکومت کی عطا کردہ نہیں بلکہ اللہ تعالیٰ کی مقرر کردہ حرمت ہے

کوئٹہ (پ ر) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمٰن رفیق، ضلعی جنرل سیکرٹری حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، سرپرستِ اعلیٰ مفتی محمد روزی خان، مولانا حفیظ اللہ، مولانا محمد سلیمان، حافظ دوست محمد مینگل، مولانا عبدالبصیر، حافظ رشید احمد، حاجی محمد شاہ لالا، مفتی نیک محمد فاروقی اور حاجی نعمت اللہ اچکزئی نے کہا ہے کہ مکہ (بقیہ 54 صفحہ 3 پر)

میر فدا حکیم رند کی جی او سی گوادر میجر جنرل حبیب نواز سے ملاقات

امن کے لیے دی جانے والی قربانیاں قوم کے لیے باعثِ فخر ہیں، امن وامان اور علاقائی ترقی پر تفصیلی تبادلہ خیال

گوادر (رپورٹ محمد سلیم رند) معروف سیاسی وسماجی رہنما میر فدا حکیم رند نے جی او سی گوادر میجر جنرل حبیب نواز سے ملاقات کی، ملاقات میں مکران بالخصوص گوادر، کیچ اور دیگر علاقوں میں امن وامان کی صورتحال، علاقائی ترقی، عوامی مسائل اور نوجوانوں کے لیے روزگار وترقی کے مواقع سمیت مختلف امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر میر فدا حکیم رند نے بلوچستان اور مکران میں قیام امن کے لیے پاک فوج، ایف سی، پولیس اور دیگر سیکیورٹی اداروں کی قربانیوں اور (بقیہ 57 صفحہ 3 پر)


گوادر' معروف سیاسی وسماجی رہنما میر فدا حکیم رند جی او سی گوادر میجر جنرل حبیب نواز سے ملاقات کر رہے ہیں

وندر گرڈ اسٹیشن پاور ہاؤس میں 30 گھنٹوں سے ٹرانسفارمر خراب علاقہ مکین بلبلا اٹھے

بجلی کی طویل بندش کے باعث معمولاتِ زندگی بری طرح متاثر جبکہ گھروں میں خواتین بچوں اور بزرگوں کو شدید پریشانی کا سامنا رہا

بجلی سپلائی معطل کی اطلاع ملتے ہی بن بلائے مہمان خون چوسنے پہنچ گئے مچھروں کی بہتات نے شہریوں کا جینا حرام کر دیا

سونمیانی وندر (رپورٹ۔ زبیر بلوچ) وندر گریڈ اسٹیشن ہاؤس میں ٹرانسفارمر کی خرابی شہر کے مغربی سائیڈ کے گنجان آباد علاقوں میں 30 گھنٹوں سے زائد بجلی کی سپلائی معطل علاقہ مکین بلبلا اٹھے بجلی کی طویل بندش کے باعث معمولاتِ زندگی بری طرح متاثر جبکہ گھروں میں خواتین بچوں اور بزرگوں کو شدید پریشانی کا سامنا رہا بجلی سپلائی معطل کی اطلاع ملتے ہی بن بلائے مہمان خون چوسنے پہنچ گئے مچھروں کی بہتات (بقیہ 28 صفحہ 3 پر)

ساحلی علاقے سونمیانی میں پینے کے پانی کا بحران شدت اختیار کر گیا

مکینوں نے ساحلی علاقوں ڈام اور سونمیانی کو وندر سے ملانے والی اکلوتی اہم شاہراہ کو تمام تر آمدورفت کے لیے مکمل بند کر دیا

سونمیانی وندر (رپورٹ۔ زبیر بلوچ) ساحلی علاقے سونمیانی میں پینے کے پانی کا بحران شدت اختیار کر گیا 6 ماہ سے پانی کی عدم فراہمی کے خلاف علاقہ مکین سراپا احتجاج بن گئے مکینوں نے احتجاج کرتے ہوئے ساحلی علاقوں ڈام اور سونمیانی کو وندر سے ملانے والی اکلوتی اہم شاہراہ کو تمام تر آمدورفت کے لیے مکمل بند کر دیا جس کے باعث شاہراہ کے دونوں اطراف چھوٹی (بقیہ 60 صفحہ 3 پر)

ساحلی علاقے سونمیانی میں پینے کے پانی کا بحران کے خلاف علاقہ مکین سڑک بلاک کر کے احتجاج کر رہے ہیں

مسلح افراد نے سعید کڑیو اور حاکم کڑیو کو بے دردی سے قتل کر دیا

پولیس قاتلوں کو جلد گرفتار کر کے انصاف فراہم کرے۔ لواحقین

نوڈیرو (رپورٹ: عابد بھٹو) نوڈیرو کے قریب گاؤں رڑا کے رہائشیوں سعید کڑیو اور حاکم کڑیو کو کچھ روز قبل گڑھی خدابخش بھٹو تھانہ کی حدود میں مسلح افراد نے بے دردی سے قتل کر دیا تھا، جس کے باعث علاقے میں سوگ کی فضا چھائی ہوئی ہے۔ دوسری جانب سابقہ (بقیہ 66 صفحہ 3 پر)

عاشقان رسول گیارہویں شریف کے عظیم اجتماع غوثیہ میں فیضان مدینہ میں شرکت کرنے کیلئے لاڑکانہ سے روانہ ہونگے

لاڑکانہ (بیورو رپورٹ) 23 ستمبر کو عاشقان رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بڑی گیارہویں شریف کے عظیم اجتماع غوثیہ میں کراچی میں دعوت اسلامی کے عالمی مدنی مرکز فیضان مدینہ میں شرکت کرنے کے لیے لاڑکانہ سے روانہ ہوں گے

معصوم نمازیوں کو دہشت گردی کا نشانہ بنانا انتہائی افسوسناک اور بزدلانہ عمل ہے' جمعیت کوئٹہ

مسجد میں نمازِ جمعہ کے دوران ہونے والے خودکش دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہیں

کوئٹہ (پ ر) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے ضلعی ترجمان نے کوہاٹ کی پرانی پولیس لائن کی مسجد میں نمازِ جمعہ کے دوران ہونے والے خودکش دھماکے کی شدید الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے قیمتی انسانی جانوں کے ضیاع پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ انہوں نے کہا (بقیہ 61 صفحہ 3 پر)

دالبندین' تحصیلدار عبدالباسط جان محمد حسنی کلب نے مرحوم ملک عبدالرشید سالانی کلب دالبندین کی ٹیم کو جیت لیا

ریفری کے فرائض ماسٹر عید محمد مینگل جبکہ اناؤنسر خلیل نور زئی تھے

دالبندین (نامہ نگار) پہلا آل ڈسٹرکٹ چاغی مرحوم تحصیلدار عبدالباسط جان محمد حسنی شوٹنگ بال ٹورنامنٹ بمقام دالبندین ایک دلچسپ مقابلے کے بعد مرحوم تحصیلدار عبدالباسط جان محمد حسنی کلب نے مرحوم ملک عبدالرشید سالانی کلب دالبندین کی ٹیم کو جیت لیا۔ میچ کے مہمان خاص پیرامیڈیکل اسٹاف ایسوسی ایشن چاغی کے ضلعی صدر الٰہی بخش سالانی تھے مہمان (بقیہ 62 صفحہ 3 پر)

لاڑکانہ پولیس کی تھانہ نوڈیرو کی حدود جگ چوک والے علاقے میں کامیاب کارروائی

نوڈیرو (رپورٹ: عابد بھٹو) لاڑکانہ پولیس کی تھانہ نوڈیرو کی حدود جگ چوک والے علاقے میں کامیاب کارروائی۔ ڈاکو گل زمان عرف گلاب شیخ گرفتار، ابتدائی تفتیش، حاصل کردہ معلومات اور کرمنل رکارڈ کے مطابق گرفتار ملزم مورخہ 28/6/2026 پر (بقیہ 64 صفحہ 3 پر)

ولمہ تقسیم علی خان زئی ژوب بلاک سی منڈل کہول کی اراضی میں خرید چکا ہوں' لعل محمد حریفال

میری ملکیت اراضی کی خرید و فروخت سے باز رہے اپنے نقصان کے خود ذمہ دار ہونگے

ژوب (بیورو چیف رفیق قیصرانی) ژوب کے رہائشی لعل محمد حریفال نے پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ ولمہ تقسیم علی خان زئی ژوب بلاک سی منڈل کہول کی اراضی جن کا رقبہ 51400 مربع فٹ ہے کو میں خرید چکا ہوں اس خرید وفروخت کے تمام تر (بقیہ 63 صفحہ 3 پر)

ژوب کے رہائشی لعل محمد حریفال نے پریس کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

14 سالہ اسد عاطف نے انڈر14- نیشنل پیڈل چیمپئن شپ کا ٹائٹل جیت لیا

پاکستان میں پیڈل کے کھیل میں نوجوان ٹیلنٹ تیزی سے سامنے آ رہا ہے

کراچی (پ ر) پاکستان کے ابھرتے ہوئے نوجوان پیڈل اسٹار اسد عاطف نے شاندار کھیل اور بہترین صلاحیتوں کا مظاہرہ کرتے ہوئے انڈر14- نیشنل پیڈل چیمپئن شپ کا ٹائٹل اپنے نام کرلیا۔ صرف 14 سال کی عمر میں قومی سطح پر یہ اہم اعزاز حاصل کرنا اسد عاطف کے کھیل کے سفر میں ایک نمایاں سنگ میل قرار دیا جا رہا ہے۔ اسد عاطف نے کم عمری ہی میں پیڈل کے میدان میں اپنی غیر معمولی صلاحیتوں کا مظاہرہ شروع کر دیا ہے۔ وہ نہ صرف جونیئر مقابلوں میں مسلسل اچھی کارکردگی دکھا رہے ہیں بلکہ میز کیٹیگری میں بھی سینئر اور تجربہ کار (بقیہ 65 صفحہ 3 پر)